DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 11.09.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | جامعہ ایس بی کے کی سیکورٹی کو مزید بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہیں، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بلوچستان اسمبلی انسداد دہشت گردی بل منظور لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے حل کرینگے، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ضلع زیارت ہمارا ہیڈ کوارٹر ہے منتقلی کی اجازت نہیں دینگے، نور محمد دمڑ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، مشیر بلدیات | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | حکومت تعلیم کی ترویج وترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، میر شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | صحت کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | افواج پاکستان کی بلوچستان کیلئے گرانقدر خدمات ہیں، وڈیرہ میاں خان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بولان میں قومی شاہراہوں کو دورویہ کرنیکا منصوبہ زیر التوا ہے، عاصم گیلو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | سیلاب کی صورت میں کوئی بند نہیں توڑا جائے گا، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ ترقیاتی پیکج سے شہر معیشت میں بہتری آئیگی، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ سول سیکرٹریٹ پر ممکنہ دہشتگرد حملے کے پیش نظر تھریٹ الرٹ جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | مشرقی بائی پاس توسیعی منصوبے پر کام کی رفتار تیز کی جائے، کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ممکنہ سیلابی خطرات سے نمٹنے کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | اے سی ایس کی زیر صدارت اجلاس جی ڈی اے ہاؤسنگ اسکیم کے قیام پر اتفاق | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے حوالے سے ڈی سی آفس میں اجلاس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ریکوڈک منصوبہ لاگت بڑھ کر 7.84 ارب ڈالر ہوگئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بدعنوانی کیخلاف اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے، عمران مجید | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | چینی کمپنیوں کا بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری میں اظہار دلچسپی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | جی آئی زیڈ کے وفد نے ٹی ٹی سی کوئٹہ سینٹر آف ایکسی لینس کا دورہ کیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی اپنانا ہوگی، آئی جی پولیس | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

تربت مسلح افراد نے پولیس اہلکارون کو یرغمال بنا کر اسلحہ چھین لیا، لورالائی پولیس کی کارروائی ملزم گرفتار اسلحہ برآمد، ڈھاڈر فورسز کا مشترکہ آپریشن ڈاکوؤں کے ٹھکانے نذر آتش، ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد میں فائرنگ دو افراد ہلاک، سوراب پرائمری سکول میں توڑ پھوڑ کے بعد آگ لگا دی گئی، چمن میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، چاغی میں مسلح افراد کا تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ۔

## عوامی مسائل:

اسپنی روڈ سریاب وگردونواح میں بجلی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 11.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجر کاری!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ہند کے پہاڑوں کو سرسبز وشاداب بنانے اور درخت لگانے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، اسٹنٹ کمشنر پولیٹکل کلیم اللہ سمیت محکمہ جنگلات اور محکمہ ماحولیات کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق ہنہ جھیل کے پہاڑوں پر درخت لگانے اور انہیں سرسبز وخوبصورت بنانے کے لیے پلان مرتب کیا جائے گا۔ اس موقع پر پانی کی دستیابی، زیر زمین پانی کی صورتحال، موسمی حالات اور موزوں درختوں کے انتخاب کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجرکاری کی گئی ہے جبکہ مستقبل میں کوئٹہ کے موسم کے مطابق درختوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے ایک جامع فزیبلٹی رپورٹ مرتب کی جائے گی۔ جس میں ان درختوں کی نشاندہی کی جائے گی جو مقامی ماحول میں نشوونما پاتے اور کم پانی میں زندہ رہ سکتے ہیں۔ اسی طرح سکولوں اور کالجوں میں بھی شجرکاری مہم کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کئے جائیں گے تاکہ معاشرے میں ماحول دوست رویوں کو فروغ دیا جاسکے۔

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**کسی صورت دہشت گردوں کے سامنے سرنڈر نہیں کرینگے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون:**

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**صوبے میں قیام امن کیلئے حکومتی اقدامات ایک جائزہ** " کے عنوان سے عدیل احمد نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 11 SEP 2025 Page No. 1


# جامعہ ایس بی کے کی سیکورٹی کو مزید بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہیں، گورنر بلوچستان

## جامعہ کی کارکردگی میں قابل ذکر پیش رفت ہوئی، سالوں کے بحران کے بعد پہلی بار طالبات کے اندراج میں قابل ستائش اضافہ ہوا

## اساتذہ کی محنت ایسے ہی جاری رہی تو جامعہ کو ملک ٹاپ رینکنگ جامعات میں شامل کرینگے، خطاب 200 طالبات کیلئے ہاسٹل کا افتتاح

کوئٹہ (غ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی صوبے کی واحد یونیورسٹی ہے جو خواتین کی ہائیر ایجوکیشن کیلئے وقف ہے۔ صرف ایک سال کے اندر ہماری بھرپور کوششوں سے قابل ذکر پیش رفت ہوئی ہے، ویرینہ رکاوٹوں کو عبور کیا، درپیش چیلنجز کا مقابلہ کیا، اب زبردست تعلیمی ماحول پروان چڑھ رہا ہے اور سالوں کے بحران کے بعد پہلی دفعہ طالبات کے اندراج میں قابل ستائش اضافہ ہوا ہے آج ہم نے ویمن یونیورسٹی کے احاطے میں 200 طالبات کیلئے گرلز ہاسٹلز کا باقاعدہ افتتاح کیا جو ایک اہم........

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

رسنگ میل ہے۔ اگر ہماری کوششیں اور اساتذہ کا یہی ولولہ برقرار رہا تو سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی جلد ہی پاکستان کی ٹاپ رینکنگ یونیورسٹیز میں شامل ہوجائیگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ویمن یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کلیم اللہ بابر، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور پرووائس چانسلر بھی موجود تھیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ کوالٹی آف ایجوکیشن اور تعلیمی ماحول کے ساتھ ہم یونیورسٹی کی سیکورٹی کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں تاکہ زیر تعلیم طالبات کے ساتھ ان کے والدین بھی مطمئن ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کی تمام سائنس لیبارٹریز کیلئے درکار ایکوپمنٹس اور کیمیکلز فراہم کرینگے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2



THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 جمعرات 17 ربیع الاول 1447ھ 11 ستمبر 2025ء نمبر 248


# بلوچستان اسمبلی: انسداد دہشت گردی بل منظور، لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے حل کریں گے، وزیراعلیٰ بگٹی

جو بھی گرفتار ہوگا اس کے اہلخانہ اور مجسٹریٹ کو اطلاع دی جائیگی، وکیل صفائی کے سامنے گواہان پیش ہونگے، یہی ججز ہونگے، غیر معمولی حالات میں غیر معمولی فیصلے کرنا پڑتے ہیں، خطاب

**قانون انصاف اور انسانی حقوق کا قتل ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن، بلوچستان لیویز فورس اور فرانزک سائنس کا ترمیمی مسودہ قانون بھی منظور، ایوان کی اکثریتی رائے کو ترجیح حاصل ہے، اسپیکر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ غیر معمولی حالات میں غیر معمولی فیصلے کرنے پڑتے ہیں اور غیر معمولی حالات کیلئے غیر معمولی قوانین بنائیں گے، لاپتہ افراد کا مسئلہ ان قوانین کے ذریعے ہمیشہ کیلئے حل کردیں گے، دہشت گردی کا شکار ہم سب ہوئے ہیں، ہم نے اپنی محبوب لیڈر کو اس دہشت گردی کا شکار ہوتے دیکھا ہے، جب تک پارلیمنٹ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لیڈ نہیں لے گی تب تک دہشت گردی کی اس جنگ کو جیتا نہیں جاسکتا، یہ دہشت گردی خلاف جنگ ہے جو لوگ یہ سوچتے ہیں کہ وہ اس سے مبرا ہیں تو یاد رکھیں اس کو نہ روکا تو یہ ہر گھر میں آئے گی، یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو ایک گھنٹہ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ بلوچستان فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء، مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025ء کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025ء) کو منظور کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس مسودہ کی منظوری کے بعد ہمیں انصاف واٹس ایپ کے ذریعے ملے گا، ہمیں اپنے خلاف گواہاں کا پتہ نہیں چلے گا، اس قانون کی منظوری کے بعد اگر کوئی بے گناہ مارا گیا تو ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی اس قانون کو لانے کی بجائے عدالتوں میں اصلاحات لائیں، یہ قانون انصاف اور انسانی حقوق کا قتل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ قانون کسی عام قتل، کسی سیاسی کارکن پر لاگو نہیں ہوتا یہ وہاں لاگو ہوگا جہاں پر دہشت گردی ہوئی ہے، میرا بھتیجا نوابزادہ جمال رئیسانی اس ایوان میں موجود ہے اس کے والد دو سو لوگوں کے ساتھ شہید ہوا پوچھا جائے ان شہدا کے اہلخانہ کو انصاف ملا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے اپنے حلقہ میں آٹھ پنجابی مزدوروں کے سر پر گولیاں ماری گئیں یہ حجام تھے جو باہر سے آئے تھے ان کے سروں پر گولیاں مار کر بے دردی کیساتھ قتل کیا گیا اور اس ملزم کو ہمارے اداروں، سیکورٹی فورسز اور پولیس نے ایک دن کے اندر اندر گرفتار کیا۔ یہ جو دہشت گردانہ کاروائیاں ہوتی ہیں غیر معمولی حالات میں غیر معمولی فیصلہ کرنے پڑتے ہیں اور یہ صرف پاکستان یا بلوچستان میں نہیں آپ دنیا میں دیکھیں ان ممالک میں جہاں ہم کہتے ہیں جمہوریت ہے امریکہ جیسے ملک میں جب نائن الیون کا واقعہ ہوا وہاں خصوصی قوانین بنائے گئے، فرانس میں دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوا ان کی پارلیمنٹ نے ایک دن کے اندر قانون تبدیل کیا۔ انہوں نے کہا کہ 8 اگست 2016ء کو جب خودکش حملہ ہوا تو اس شخص کو جس کی جس نے سہولت کاری کی اس کا نام سعید بادینی تھا جو داعش کا سربراہ تھا سیکورٹی ایجنسی نے اس کو گرفتار کیا اس کی گرفتاری کے بعد میں اور اس وقت کے حکومت بلوچستان کے تر... ان انوارالحق کاکڑ نے آئی جی پولیس کو کہا کہ ہم اس کو پراسیکیوٹ کرنا چاہتے ہیں وکلاء کا قتل ہوا 60 سے زیادہ وکیل مارے گئے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس کا اوپن ٹرائل ہو تاکہ لوگوں کو پیغام جائے میں اس وقت کے چیف جسٹس کے پاس گیا ان سے درخواست کی کہ ہم اس کا ٹرائل کرنا چاہتے ہیں وکلاء شہید ہوئے ہیں۔ یہ دہشت گردی کی جنگ ہے جو لوگ یہ سوچتے ہیں کہ میں اس سے مبرا ہوں تو یاد رکھیں اس کو نہ روکا تو یہ ہر گھر میں آئے گی، جب دھرتی جلتی ہے سینہ جلتا ہے اس سینہ سے پوچھیں کہ اس پر کیا گزر رہی ہے جو لاشیں اٹھاتے ہیں ان سے پوچھا جائے کہ ان پر کیا گزر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون میں کہیں یہ نہیں لکھا گیا کہ ملزم کو وکیل صفائی کا موقع نہیں دیا گیا ہے وکیل صفائی کے سامنے گواہاں پیش ہوں گے، یہی ججز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کیا ہم نے اپنے ججز اور پراسیکیوٹرز کو تحفظ فراہم نہیں کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سالوں سے سیاسی جماعتیں لاپتہ افراد کے مسئلہ پر سیاست کررہی ہیں لیکن کسی نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی یہاں لوگ اسمبلی کے ممبر رہے، حکومتوں کی حمایت کرتے رہے دس دس ارب روپے فنڈز لینے کیلئے تو ٹھیک تھے لیکن کیا اس مسئلہ پر حکومت سے کبھی بات کی کہ اس مسئلہ کا حل کیا ہے۔ موجودہ حکومت ہمیشہ کیلئے لاپتہ افراد کے مسئلہ کو حل کرنا چاہتی ہے۔ جو بھی شخص گرفتار ہوگا فوری اس کے اہلخانہ اور مجسٹریٹ کو اطلاع دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر معمولی حالات کیلئے غیر معمولی قوانین بنائیں گے، لاپتہ افراد کا مسئلہ ان قوانین کے ذریعے ہمیشہ کیلئے حل کردیں گے، دہشت گردی کا شکار ہم سب ہوئے ہیں سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثر رہا ہوں، ہمارے دوست ہیں ہماری پارٹی ہم نے اپنی محبوب لیڈر کو اس دہشتگردی کا شکار ہوتے دیکھا ہے تو کیا ہم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں لیڈ نہ لیں، جب تک پارلیمنٹ لیڈ نہیں لے گی دہشت گردی کی اس جنگ کو جیتا نہیں جاسکتا، جب ہماری حکومت آئی مجھے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ سب اس جنگ کو فوج اور بلوچ سرمچاروں کی جنگ سمجھتے تھے یہ ریاست ہم سب کی ہے اس کو کسی کو توڑنے نہیں دیں گے، ہم قانون سازی کریں گے، بلوچستان کے لوگوں نے ہم کو قانون سازی کرنے کا مینڈیٹ دیا ہے۔ قانون کے مطابق دہشت گردوں کو سزا دی جائیگی یہ قانون کسی سیاسی کارکن کیلئے نہیں بنا ہے اگر کسی سیاسی کارکن کیلئے بنا ہے تو سب سے پہلے سرفراز بگٹی اس کے خلاف کھڑا ہوگا۔ ہمارا منشور دہشت گردی کو روکنا ہے دہشت گردوں کے آگے سرینڈر نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم صوبے میں ایک انچ پوست کی کاشت کرنے نہیں دیں گے، رواں سال 35 ہزار ایکڑ پر پوست کو تلف کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے آکر جو لوگ یہاں پوست کاشت کررہے ہیں اور جنہوں نے ان کو زمین دی ہے ہم ان کے پیچھے جارہے ہیں ان کو سخت جواب دیں گے زمین ضبط کرکے سرکار کے نام منتقل کی جائے گی۔

## بلوچستان اسمبلی، محکمہ زراعت اور کیو ڈی اے سے متعلق سوالات نمٹا دیئے گئے

سردار ساتکزئی کو بے گناہ قید رکھا گیا ہے، سوشل میڈیا نے معاملے کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا، آغا عمر احمد زئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بدھ کو اسپیکر نے وقفہ سوالات کے دوران محکمہ زراعت اور محکمہ کیو ڈی اے سے متعلق سوالات محرکین اور متعلقہ وزیر کی عدم موجودگی کے باعث نمٹا دیئے۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپیکر سے استدعا کی کہ صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری کے حلقہ میں بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا ہے اور وہ اپنے حلقہ میں موجود ہیں لہذا سوالات نمٹا دیئے جائیں۔ اجلاس میں بلوچستان عوامی پارٹی کے رکن آغا عمر احمد زئی نے نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ڈیگاری میں پیش آنے والے دہرے قتل کے واقعہ میں سردار ساتکزئی کو بے گناہ جیل میں رکھا گیا ہے، جس نے قتل کیا وہ تو گرفتار نہیں ہوا ہے، سردار ساتکزئی کو ضمانت اس لئے نہیں مل رہی کہ سوشل میڈیا نے اس معاملے کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا ہے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی یو این آئی ایف اے ڈی کی کنٹری ڈائریکٹر مس فرنانڈا تھوماز کو سوینیئر دے رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے نئے تعینات ہونیوالے آئی جی پولیس محمد طاہر ملاقات کررہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تعلقا

حکومت بلو

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 17 ربیع الاول 1447ھ 11 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 66

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gma | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

Bullet No. 1

Page No. 3

# انسدادِ دہشتگردی قانون عام عوام کیلئے نہیں، ریاست توڑنے کی سازش کرنیوالوں کو کچل دینگے، وزیراعلیٰ

## لاپتہ افراد کا مسئلہ قوانین کے ذریعے ہمیشہ کیلئے حل کردیں گے، جب تک پارلیمنٹ لیڈ نہیں لے گی دہشت گردی کی اس جنگ کو جیتا نہیں جاسکتا، دہشت گردوں کے آگے سرینڈر نہیں کریں گے، سرفراز بگٹی

### صوبائی اسمبلی کا اجلاس، بلوچستان لیویز فورس سے متعلق مسودہ قانون، فرانزک سائنس اور انسداد دہشت گردی قانون کے ترمیمی مسودات منظور، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی مسودہ قانون کی مخالفت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں اپنے مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025 کو اور انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کرلیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت نے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اگر اس مسودہ قانون پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی ہے تو ہم ........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7

اس کیلئے تیار ہیں، انسداد دہشت گردی کا قانون کسی سیاسی کارکن کیخلاف استعمال نہیں ہوگا، قانون کے مطابق دہشت گردوں کو سزا دیں گے۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ بلوچستان فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025 کو منظور کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس مسودہ کی منظوری کے بعد ہمیں انصاف وٹس ایپ کے ذریعے ملے گا، ہمیں اپنے خلاف گواہاں کا پتہ نہیں چلے گا، اس قانون کی منظوری کے بعد اگر کوئی بے گناہ مارا گیا تو ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی اس قانون کو لانے کی بجائے عدالتوں میں اصلاحات لائیں، یہ قانون انصاف اور انسانی حقوق کا قتل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ قانون کسی عام شخص، کسی سیاسی کارکن پر لاگو نہیں ہوتا یہ وہاں لاگو ہوگا جہاں پر دہشت گردی ہوتی ہے، میرا بھتیجا نوابزادہ جمال رئیسانی اس ایوان میں موجود ہے اس کے والد دو سو لوگوں کے ساتھ شہید ہوا پوچھا جائے ان شہدا کے اہلخانہ کو انصاف ملا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے اپنے حلقہ میں آٹھ پنجابی مزدوروں کے سر پر گولیاں ماری گئیں یہ حجام تھے جو باہر سے آئے تھے ان کے سروں پر گولیاں مار کر بے دردی کیساتھ قتل کیا گیا اور اس ملزم کو ہمارے اداروں، سیکورٹی فورسز اور پولیس نے ایک دن کے اندر اندر گرفتار کیا یہ جو دہشت گردانہ کارروائیاں ہوتی ہیں غیر معمولی حالات میں غیر معمولی فیصلہ کرنے پڑتے ہیں اور یہ صرف پاکستان یا بلوچستان میں نہیں آپ دنیا میں دیکھیں ان ممالک میں جہاں ہم کہتے ہیں جمہوریت ہے امریکہ جیسے ملک میں جب نائن الیون کا واقعہ ہوا وہاں خصوصی قوانین بنائے گئے، فرانس میں دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوا ان کی پارلیمنٹ نے ایک دن کے اندر قانون تبدیل کیا، انہوں نے کہا کہ 8 اگست 2016 کو جب خودکش حملہ ہوا تو اس شخص کو جس کی جس نے سہولت کاری کی اس کا نام سعید بادینی تھا جو داعش کا سربراہ تھا سیکورٹی ایجنسی نے اس کو گرفتار کیا اس کی گرفتاری

کے بعد میں اور اس وقت کی حکومت بلوچستان کے ترجمان انوار الحق کاکڑ نے آئی جی پولیس کو کہا کہ ہم اس کو پراسیکیوٹ کرنا چاہتے ہیں وکلا کا قتل ہوا 60 سے زیادہ وکیل مارے گئے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ اس کا اوپن ٹرائل ہو تاکہ لوگوں کو پیغام جائے میں اس وقت کے چیف جسٹس کے پاس گیا ان سے درخواست کی کہ ہم اس کا ٹرائل کرنا چاہتے ہیں وکلا شہید ہوئے ہیں۔ یہ دہشت گردی کی جنگ ہے جو لوگ یہ سوچتے ہیں کہ میں اس سے مبرا ہوں تو یاد رکھیں اس کو نہ روکا تو یہ ہر گھر میں آئے گی، جب دھرتی جلتی ہے سینہ جلتا ہے اس سینہ سے پوچھیں کہ اس پر کیا گزر رہی ہے جو نعشیں اٹھاتے ہیں ان سے پوچھا جائے کہ ان پر کیا گزر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون میں کہیں یہ نہیں لکھا گیا کہ ملزم کو وکیل صفائی کا موقع نہیں دیا گیا ہے وکیل صفائی کے سامنے گواہاں پیش ہوں گے، ججز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کیا ہم نے اپنے ججز اور پراسیکیوٹرز کو تحفظ فراہم نہیں کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سالوں سے سیاسی جماعتیں لاپتہ افراد کے مسئلہ پر سیاست کررہی ہیں لیکن کسی نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی یہاں لوگ اسمبلی کے ممبر رہے، حکومتوں کی حمایت کرتے رہے دس دس ارب روپے فنڈز لینے کیلئے تو ٹھیک تھے لیکن کیا اس مسئلہ پر حکومت سے بھی بات کی کہ اس مسئلہ کا حل کیا ہے۔ موجودہ حکومت ہمیشہ کیلئے لاپتہ افراد کے مسئلہ کو حل کرنا چاہتی ہے۔ جو بھی شخص گرفتار ہوگا فوری اس کے اہلخانہ اور مجسٹریٹ کو اطلاع دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر معمولی حالات کیلئے غیر معمولی قوانین بنائیں گے، لاپتہ افراد کا مسئلہ ان قوانین کے ذریعے ہمیشہ کیلئے حل کردیں گے، دہشت گردی کا شکار ہم سب ہوئے ہیں میں سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثر رہا ہوں، ہمارے دوست ہیں ہماری پارٹی ہم نے اپنی محبوب لیڈر کو اس دہشتگردی کا شکار ہوتے دیکھا ہے تو کیا ہم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں لیڈ نہ لیں، جب تک پارلیمنٹ لیڈ نہیں لے گی دہشت گردی کی اس جنگ کو جیتا نہیں جاسکتا، جب ہماری حکومت آئی مجھے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ سب اس جنگ کو فوج اور بلوچ سرمچاروں کی جنگ سمجھتے تھے یہ ریاست ہم سب کی ہے اس کو کسی کو توڑنے نہیں دیں گے، ہم قانون سازی کریں گے، بلوچستان کے لوگوں نے ہم کو قانون سازی کرنے کا مینڈیٹ دیا ہے۔ قانون کے مطابق دہشت گردوں کو سزا دی جائیگی یہ قانون کسی سیاسی کارکن کیلئے نہیں بنا ہے اگر کسی سیاسی کارکن کیلئے بنا ہے تو سب سے پہلے سرفراز بگٹی اس کے خلاف کھڑا ہوگا۔ ہمارا منشور دہشت گردی کو روکنا ہے دہشت گردوں کے آگے سرینڈر نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم صوبے میں ایک انچ پوست کی کاشت کرنے نہیں دیں گے رواں سال 35 ہزار ایکڑ پر پوست کی فصل کو تلف کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے آکر جو لوگ یہاں پوست کاشت کررہے ہیں اور جنہوں نے ان کو زمین دی ہے ہم ان کے پیچھے جارہے ہیں ان کو سخت جواب دیں گے زمین ضبط کرکے سرکار کے نام منتقل کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مکران میں غیر قانونی ٹرالنگ بھی دہشت گردی ہے، ہم مکران میں غیر قانونی ٹرالنگ ختم کریں گے۔ بعد ازاں ایوان میں انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025 کو منظور کرلیا گیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان لیویز فورس کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 28 مصدرہ 2026 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے

## وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ہدہ جیل میں ٹی بی اسکریننگ مہم کا آغاز

کوئٹہ (اے پی پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمان اور ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل کی ہدایات و کاوشوں کے نتیجے میں ہدہ جیل میں ٹی بی اسکریننگ مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔ یہ مہم 5 روز تک جاری رہے گی جس کا باقاعدہ آغاز ہدہ جیل کوئٹہ میں کیا گیا۔ اس دوران قیدیوں اور جیل اسٹاف کی اسکریننگ کی جائے گی اور جن افراد میں مرض کی تشخیص ہوگی ان کا مفت علاج فراہم کیا جائے گا۔ اس موقع پر ٹی بی پروگرام کے صوبائی منیجر ڈاکٹر شیر افگن رئیسانی، پروجیکٹ منیجر ڈاکٹر عرفان احمد، ڈپٹی منیجر ڈاکٹر اویس، ڈپٹی پروجیکٹ منیجر ڈاکٹر بلال خان، ایس پی پی او ڈاکٹر بہاول جمالگری، ایم این ای آفیسر ڈاکٹر شاہد خان ترین، ڈی ایچ آئی ایس ٹو کے کوارڈینیٹر ظہیر احمد سمیت دیگر ڈاکٹرز اور عملے نے شرکت کی اور اپنی خدمات سرانجام دیں۔

## وزیراعلیٰ کی لہڑی ہاؤس آمد، میر فیروز لہڑی کی وفات پر فاتحہ خوانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گزشتہ روز لہڑی ہاؤس گئے جہاں انہوں نے الحاج میر فیروز لہڑی کی وفات پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب، بلند درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، پارلیمانی سیکرٹری عبد المجید بادینی ........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

علی مدد جتک، زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان طور اتمانخیل اور سابق صوبائی وزیر میر رؤف رند و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے یو این آئی ایف اے ڈی کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CLIPPING
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
Bullet N

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 23 شمارہ 267 | جمعرات، 17 ربیع الاوّل، 11 ستمبر 2025ء صفحات 8 قیمت 40 روپے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

## لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے حل کرینگے
# پارلیمنٹ دہشت گردی کیخلاف جنگ کو لیڈ کرے، وزیر اعلیٰ

### سیاسی جماعتیں اس مسئلے پر سیاست تو کرتی ہیں لیکن کسی نے حل کرنے کی کوشش نہیں کی، صوبے میں ایک انچ پوست کی کاشت نہیں ہونے دینگے، خطاب

### اسمبلی اجلاس، بلوچستان لیویز فورسز، فرانزک سائنس اور انسداد دہشت گردی کے ترمیمی مسودات قوانین منظور، اب انصاف وٹس ایپ پر ملے گا، ہدایت الرحمان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان لیویز فورس، بلوچستان فرانزک سائنس اور انسداد دہشت گردی کے ترمیمی مسودات قوانین منظور کر لئے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت نے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اگر اس مسودہ قانون پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی ہے تو ہم اس کیلئے تیار ہیں، انسداد دہشت گردی کا قانون کسی سیاسی کارکن کیخلاف استعمال نہیں ہوگا، قانون کے مطابق دہشت گردوں کو سزا دیں گے، (باقی صفحہ 5 نمبر 19

لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے حل کر رہے ہیں، دہشت گردی کا شکار ہم سب ہوئے ہیں ہم نے اپنی محبوب لیڈر کو اس دہشت گردی کا شکار ہوتے دیکھا ہے، جب تک پارلیمنٹ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لیڈ نہیں لے گی تب تک دہشت گردی کی اس جنگ کو جیتا نہیں جاسکتا، یہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہے جو لوگ یہ سوچتے ہیں کہ وہ اس سے مبرا ہیں تو یاد رکھیں اس کو نہ روکا تو یہ ہر گھر میں آئے گی، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ بلوچستان فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025ء کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025ء) کو منظور کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس مسودہ کی منظوری کے بعد ہمیں انصاف وٹس اپ کے ذریعے ملے گا، ہمیں اپنے خلاف گواہاں کا پتہ نہیں چلے گا، اس قانون کی منظوری کے بعد اگر کوئی بے گناہ مارا گیا تو ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی اس قانون کو لانے کی بجائے عدالتوں میں اصلاحات لائیں، یہ قانون انصاف اور انسانی حقوق کا قتل ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ قانون کسی عام قتل، کسی سیاسی کارکن پر لاگو نہیں ہوتا یہ وہاں لاگو ہوگا جہاں پر دہشت گردی ہوتی ہے، میرا بھتیجا نوابزادہ جمال رئیسانی اس ایوان میں موجود ہے اس کے والد دو سو لوگوں کے ساتھ شہید ہوا پوچھا جائے ان شہداء کے لواحقین کو انصاف ملا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے اپنے حلقہ میں آٹھ پنجابی مزدوروں کے سر پر گولیاں ماری گئیں یہ حجام تھے جو باہر سے آئے تھے ان کے سروں پر گولیاں مار کر

بے دردی کیساتھ قتل کیا گیا اور اس ملزم کو ہمارے اداروں، سیکورٹی فورسز اور پولیس نے ایک دن کے اندر اندر گرفتار کیا یہ جو دہشت گردانہ کاروائیاں ہوتی ہیں غیرمعمولی حالات میں غیرمعمولی فیصلے کرنے پڑتے ہیں اور یہ صرف پاکستان یا بلوچستان میں نہیں آپ دنیا میں دیکھ لیں ان ممالک میں جہاں ہم کہتے ہیں جمہوریت ہے امریکہ جیسے ملک میں جب نائن الیون کا واقعہ ہوا وہاں خصوصی قوانین بنائے گئے، فرانس میں دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوا ان کی پارلیمنٹ نے ایک دن کے اندر قانون تبدیل کیا، انہوں نے کہا کہ 8 اگست 2016ء کو جب خودکش حملہ ہوا تو اس شخص کو جس کی جس نے سہولت کاری کی اس کا نام سعید بادینی تھا جو داعش کا سربراہ تھا سیکورٹی ایجنسی نے اس کو گرفتار کیا اس کی گرفتاری کے بعد میں اور اس وقت کے حکومت بلوچستان کے ترجمان انوارالحق کاکڑ نے آئی جی پولیس کو کہا کہ ہم اس کو پراسیکیوٹ کرنا چاہتے ہیں وکلاء کا قتل ہوا 60 سے زیادہ وکیل مارے گئے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ اس کا اوپن ٹرائل ہو تاکہ لوگوں کو پیغام جائے ہم اس وقت کے چیف جسٹس کے پاس گیا ان سے درخواست کی کہ ہم اس کا ٹرائل کرنا چاہتے ہیں وکلاء شہید ہوئے ہیں۔ یہ دہشت گردی کی جنگ ہے جو لوگ یہ سوچتے ہیں کہ میں اس سے مبرا ہوں تو یاد رکھیں اس کو نہ روکا تو یہ ہر گھر میں آئے گی، جب دھرتی جلتی

ہے سینہ جلتا ہے اس سینہ سے پوچھیں کہ اس پر کیا گزر رہی ہے جو نعشیں اٹھاتے ہیں ان سے پوچھا جائے کہ ان پر کیا گزر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون میں کہیں یہ نہیں لکھا گیا کہ ملزم کو وکیل صفائی کا موقع نہیں دیا گیا ہے وکیل صفائی کے سامنے گواہاں پیش ہوں گے، یہی ججز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کیا ہم نے اپنے ججز اور پراسیکوٹرز کو تحفظ فراہم نہیں کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سالوں سے سیاسی جماعتیں لاپتہ افراد کے مسئلہ پر سیاست کررہی ہیں لیکن کسی نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی یہاں لوگ اسمبلی کے ممبر رہے، حکومتوں کی حمایت کرتے رہے دس دس ارب روپے فنڈز لینے کیلئے تو ٹھیک تھے لیکن کیا اس مسئلہ پر حکومت سے کبھی بات کی کہ اس مسئلہ کا حل کیا ہے۔ موجودہ حکومت ہمیشہ کیلئے لاپتہ افراد کے مسئلہ کو حل کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکران میں غیر قانونی ٹرانگ بھی دہشت گردی ہے، ہم مکران میں غیر قانونی ٹرانگ ختم کریں گے۔ بعدازاں ایوان میں انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025ء) کو منظور کرلیا گیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان لیویز فورس کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء مسودہ قانون نمبر 28 مصدرہ 2025ء کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس قانون پر مزید مشاورت کی ضرورت ہے، ایوان کو آگاہ کیا جائے کہ لیویز میں کیا خامیاں ہیں اور لیویز کو جہاں پولیس میں ضم کیا گیا ہے وہاں امن وامان کی صورتحال کیا بہتر ہوئی ہے۔ اس مسودہ قانون میں جو خامیاں ہیں ان کو دور کیا جائے۔ صوبائی وزیر اری گیشن میر صادق عمرانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہمیشہ اسمبلی فلور پر اپوزیشن جماعتوں کو مل بیٹھ کر مسائل حل کرنے کی دعوت دی ہے اب اگر کوئی نہیں آتا تو اس کو زبردستی نہیں لا سکتے، ہم نے اکثریت سے فیصلہ کرنا ہے، ہماری کوشش ہے کہ قیام امن، صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے حکومت اور اپوزیشن مل کر اپنا کردار ادا کریں۔ اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ ایوان کی اکثریتی رائے کو ترجیح حاصل ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت نے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اگر اس مسودہ قانون پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی ہے تو ہم اس کیلئے تیار ہیں، بعدازاں ایوان نے بلوچستان لیویز فورس کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء مسودہ قانون نمبر 28 مصدرہ 2025ء کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کرلیا۔ بعدازاں اسپیکر نے اسمبلی کا اجلاس جمعہ 12 ستمبر 2025ء سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کردیا۔

## موسمیاتی تبدیلی سے زرعی شعبہ متاثر ہے، سرفراز بگٹی

### جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے زرعی پیداوار میں اضافہ، غذائی تحفظ یقینی بنایا جاسکتا ہے

### خواتین و نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر دیہی معیشت کو مستحکم کیا جاسکتا ہے، مس فرنانڈا سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے یو این آئی ایف اے ڈی (بین الاقوامی زرعی ترقیاتی فنڈ) کی کنٹری ڈائریکٹر مس فرنانڈا تھوماز نے بدھ کو یہاں (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

ملاقات کی۔ ملاقات میں غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور دیہی معیشت کو مستحکم بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سب سے زیادہ زرعی شعبے پر مرتب ہو رہے ہیں، لہٰذا موسمیاتی موافق زرعی اقدامات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جاسکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمے اور پائیدار ترقی کے لیے عالمی اداروں کا تعاون قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر دیہی معیشت کو مستحکم کیا جاسکتا ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے تاکہ کسانوں کو اپنی پیداوار بہتر قیمت پر فروخت کرنے کے مواقع میسر آئیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یو این آئی ایف اے ڈی کے تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے میں زرعی ترقی اور دیہی خوشحالی کے لیے مشترکہ اقدامات مستقبل میں بھی جاری رہیں گے ملاقات کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یو این آئی ایف اے ڈی کی کنٹری ڈائریکٹر کو شیلڈ دی۔

## وزیر اعلیٰ کی لہڑی ہاؤس آمد، حاجی فیروز لہڑی کی وفات پر تعزیت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گزشتہ روز لہڑی ہاؤس کوئٹہ گئے جہاں انہوں نے الحاج میر فیروز لہڑی کے وفات پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی وزیر اعلیٰ نے مرحوم کے روح کے ایصال ثواب، بلند درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی پارلیمانی سیکریٹری عبدالمجید بادینی، اراکین صوبائی اسمبلی علی مددجتک، زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان طور اتمانخیل اور سابق صوبائی وزیر میر رؤف رند و دیگر بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان


Bullet No. 1

Page No. 8


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK

intekhabnews@gmail.com

Quetta Ph.081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعرات 11 ستمبر 2025ء بمطابق 17 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 248


# صوبے میں موسمیاتی تبدیلی سے زرعی شعبہ متاثر ہو رہا ہے، سرفراز بگٹی

جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جا سکتا ہے، وزیراعلیٰ

زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے، زرعی ترقیاتی فنڈ کی کنٹری ڈائریکٹر سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بین الاقوامی زرعی ترقیاتی فنڈ کی کنٹری ڈائریکٹر مس فرنانڈا تھوماز نے ملاقات کی۔ ملاقات میں غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور دیہی معیشت کو مستحکم بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سب سے زیادہ زرعی شعبے پر مرتب ہو رہے ہیں، لہٰذا موسمیاتی موافق زرعی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

اقدامات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمے اور پائیدار ترقی کے لیے عالمی اداروں کا تعاون قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر دیہی معیشت کو مستحکم کیا جا سکتا ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے تاکہ کسانوں کو اپنی پیداوار بہتر قیمت پر فروخت کرنے کے مواقع میسر آئیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یو این آئی ایف اے ڈی کے تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے میں زرعی ترقی اور دیہی خوشحالی کے لیے مشترکہ اقدامات مستقبل میں بھی جاری رہیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے یو این آئی ایف اے ڈی کی کنٹری ڈائریکٹر کو شیلڈ دی۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے آئی جی بلوچستان پولیس محمد طاہر ملاقات کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB

روزنامہ انتخاب

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز بدھ 10 ستمبر 2025ء بمطابق 16 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 247

# بلوچستان کے معدنی وسائل عوام کی ملکیت، کسی کو ڈاکہ ڈالنے نہیں دیں گے

دہشت گردی خواہ مذہب کے نام پر ہو یا قومیت کے نام پر، اس کا عوامی حقوق اور ترقی سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ ظلم، بربریت اور کھلی ملک دشمنی ہے، بلوچستان کے عوام دہشت گردوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں، کسی صورت دہشت گردوں کے سامنے سرنڈر نہیں کیا جائے گا

**مذہب کے نام پر بندوق اٹھانے والے دین کے دشمن اور ظالم ہیں، اسی طرح بلوچ قوم پرستی یا حقوق کے نام پر ہتھیار اٹھانے والے بھی ملک توڑنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، سیاسی اختلاف اپنی جگہ، دہشت گردی کے خلاف پورا بلوچستان متحد ہے**

قلعہ سیف اللہ (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردی خواہ مذہب کے نام پر ہو یا قومیت کے نام پر، اس کا عوامی حقوق اور ترقی سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ ظلم، بربریت اور کھلی ملک دشمنی ہے بلوچستان کے عوام دہشت گردوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں اور کسی صورت دہشت گردوں کے سامنے سرنڈر نہیں کیا جائے گا وہ قلعہ سیف اللہ میں رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ کی دعوت پر منعقدہ ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے اس موقع پر میزبان مولوی نور اللہ، صوبائی اراکین اسمبلی، صوبائی وزرا اور نواب ایاز خان جوگیزئی سمیت قبائلی عمائدین، علما اور عوام کی ایک بڑی تعداد موجود تھی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مولوی نور اللہ نے کبھی اپنی ذات کے لیے مطالبہ نہیں کیا بلکہ ہمیشہ عوامی مسائل اور علاقے کے مفادات کے لیے آواز اٹھائی، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ قلعہ سیف اللہ آ کر [illegible]

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

ہیں اور عوام سے ملنے کے لیے ہر مشکل کا سامنا کرنے کو تیار ہیں [illegible] انہوں نے کہا کہ مذہب کے نام پر بندوق اٹھانے والے دین کے دشمن اور ظالم ہیں، اسلام امن، بھائی چارے اور رواداری کا دین ہے۔ اسی طرح بلوچ قوم پرستی یا حقوق کے نام پر ہتھیار اٹھانے والے بھی ملک توڑنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں اور معصوم انسانوں کے قتل کے ذمہ دار ہیں انہوں نے کہا کہ معصوم شہریوں اور مسافروں کا قتل ناقابل معافی جرم ہے [illegible] سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن دہشت گردی کے خلاف پورا بلوچستان متحد ہے [illegible] انہوں نے [illegible] اور جہاں بھی افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر شہری اور سیاسی جماعت کا آئینی حق ہے [illegible] عوام کو اذیت میں مبتلا کرنا آئین و قانون کے منافی ہے انہوں نے واضح کیا کہ کسی کو بھی مریضوں، مسافروں اور عام شہریوں کی زندگی اجیرن بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور آئین و قانون کے ساتھ کھڑے رہیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ کے مطالبات پر قلعہ سیف اللہ کی تعمیر و ترقی کے لیے متعدد ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات کیے انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں تعلیمی اداروں [illegible] اسی طرح قلعہ سیف اللہ میں [illegible]

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 جمعرات 11 ستمبر 2025ء بمطابق 17 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر-247

# بلوچستان اسمبلی: انسداد دہشتگردی، فرانزک سائنس اور لیویز فورس کے مسودہ قوانین منظور کر لئے

## لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے ختم کرینگے وزیراعلیٰ

**حکومت نے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اگر اس مسودہ قانون پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی ہے تو ہم اس کیلئے تیار ہیں، انسداد دہشت گردی کا قانون کسی سیاسی کارکن کیخلاف استعمال نہیں ہوگا، سرفراز بگٹی**

**سالوں سے سیاسی جماعتیں لاپتہ افراد کے مسئلہ پر سیاست کررہی ہیں لیکن کسی نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی یہاں لوگ حکومتوں کی حمایت کرتے رہے دس دس ارب روپے فنڈز لینے کیلئے تو ٹھیک تھے اس مسئلہ پر حکومت سے کبھی بات نہیں کی**


**موجودہ حکومت ہمیشہ کیلئے لاپتہ افراد کے مسئلہ کو حل کرنا چاہتی ہے، جو بھی شخص گرفتار ہوگا فوری اس کے اہلخانہ اور مجسٹریٹ کو اطلاع دی جائے گی، غیر معمولی حالات کیلئے غیر معمولی قوانین بنائیں گے، دہشتگردی کیخلاف اس پارلیمنٹ نے لیڈ لینا ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں اپنے مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025 کو اور انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کرلیا۔ اجلاس سے خطاب

(بقیہ نمبر3 صفحہ نمبر2 پر)

کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت نے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اگر اس مسودہ قانون پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی ہے تو ہم اس کیلئے تیار ہیں، انسداد دہشت گردی کا قانون کسی سیاسی کارکن کیخلاف استعمال نہیں ہوگا، قانون کے مطابق دہشت گردوں کو سزا دیں گے۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ بلوچستان فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025 کو

منظور کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس مسودہ کی منظوری کے بعد ہمیں انصاف وٹس ایپ کے ذریعے ملے گا، ہمیں اپنے خلاف گواہاں کا پتہ نہیں چلے گا، اس قانون کی منظوری کے بعد اگر کوئی بے گناہ مارا گیا تو ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی اس قانون کو لانے کی بجائے عدالتوں میں اصلاحات لائیں، یہ قانون انصاف اور انسانی حقوق کا قتل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ قانون کسی عام قتل، کسی سیاسی کارکن پر لاگو نہیں ہونا یہ وہاں لاگو ہوگا جہاں پر دہشت گردی ہوتی ہے، میرا بھتیجا نوابزادہ جمال رئیسانی اس ایوان میں موجود ہے اس کے والد دو سو لوگوں کے ساتھ شہید ہوا پوچھا جائے ان شہدا کے اہلخانہ کو انصاف ملا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کے اپنے حلقہ میں آٹھ پنجابی مزدوروں کے سر پر گولیاں ماری گئیں یہ حجام تھے جو باہر سے آئے تھے ان کے سروں پر گولیاں مار کر بے دردی کیساتھ قتل کیا گیا اور اس ملزم کو ہمارے اداروں، سیکورٹی فورسز اور پولیس نے ایک دن کے اندر اندر گرفتار کیا یہ جو دہشت گردانہ کاروائیاں ہوتی ہیں غیر معمولی حالات میں غیر معمولی فیصلہ کرنے پڑتے ہیں اور یہ صرف پاکستان یا بلوچستان میں نہیں آپ دنیا میں دیکھ لیں ان ممالک میں جہاں ہم کہتے ہیں جمہوریت ہے امریکہ جیسے ملک میں جب نائن الیون کا واقعہ ہوا وہاں خصوصی قوانین بنائے گئے، فرانس میں دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوا ان کی پارلیمنٹ نے ایک دن کے اندر قانون تبدیل کیا، انہوں نے کہا کہ 8 اگست 2016 کو جب خودکش حملہ ہوا تو اس شخص کو جس کی جس نے سہولت کاری کی اس کا نام سعید بادینی تھا جو داعش کا سربراہ تھا سیکورٹی ایجنسی نے اس کو گرفتار کیا اس کی گرفتاری کے بعد میں اور اس وقت کی حکومت بلوچستان کے ترجمان انوار الحق کاکڑ نے آئی جی پولیس کو کہا کہ ہم اس کو پراسیکیوٹ کرنا چاہتے ہیں وکلا کا قتل ہوا 60 سے زیادہ وکیل مارے گئے ہیں ہم چاہتے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے یو این آئی ایف اے ڈی کنٹری ڈائریکٹر مس فرنانڈا تھوماز ملاقات کررہی ہیں

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعرات 11 ستمبر 2025ء بمطابق 17 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 247

## عوام کے تحفظ کے لیے سخت اقدامات ناگزیر ہیں

# ریاست دہشتگردوں کے سامنے نہیں جھکے گی، وزیراعلیٰ

دہشتگردوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، جو عناصر بلوچستان میں بدامنی اور خونریزی پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، وہ جان لیں کہ ریاست اپنی پوری طاقت کے ساتھ ان کا قلع قمع کرے گی، بس سے اتار کر مسافروں کو قتل کیا گیا لیکن کوئی گواہی دینے کیلئے تیار نہیں

لاپتہ افراد کے مسئلے کو کچھ سیاسی جماعتیں آلے کے طور پر استعمال کر رہی ہیں، دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا، ہم خصوصی قوانین بنا کر لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کریں گے، یہ ریاست ہماری ہے، اسے توڑنے نہیں دیں گے، اسمبلی میں خطاب

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف ریاستی عزم غیر متزلزل ہے اور کسی صورت ان کے سامنے جھکا نہیں جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے گوادر میں مزدوروں کے بہیمانہ قتل کو انسانیت سوز اور افسوسناک واقعہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسی بربریت کو کسی قیمت پر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی ادارے اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہیں اور دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسداد دہشتگردی کے قانون کا غلط استعمال کسی بے گناہ کے خلاف نہیں ہوگا لیکن دہشتگردی جیسے سنگین جرائم سے نمٹنے کے لیے سخت فیصلے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے دیگر ممالک میں دہشتگردی کے واقعات کے بعد فوری طور پر قوانین میں تبدیلی کی جاتی ہے، جیسا کہ فرانس میں ایک دن میں قانون تبدیل کیا گیا۔ انہوں نے 8 اگست 2016 کے سانحہ کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعے کے ماسٹر مائنڈ کو گرفتار تو کیا گیا، لیکن بروقت ٹرائل نہ ہو سکا، جو ایک بڑی خامی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف گواہی دینے کے لیے کوئی تیار نہیں ہوتا، یہی وجہ ہے کہ ریاست کو کڑے اقدامات اٹھانا پڑتے ہیں۔ ہمیں پتہ ہے کہ یہ پاپولر فیصلے نہیں ہیں، یہ مسودہ قانون سیاسی کارکنوں کے خلاف ہے، آج جمال رئیسانی ایوان میں موجود ہے ان کے والد دہشت گردی کا نشانہ بنے، وزیراعلیٰ کا یہ بھی کہنا تھا کہ 11/9 کے بعد امریکہ نے خصوصی قوانین بنائے، ایسے حالات میں خصوصی قوانین بنانے پڑتے ہیں، ہمیں ججز اور گواہاں کو تحفظ دینا ہے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بس سے اتار کر مسافروں کو قتل کیا گیا لیکن کوئی گواہی دینے کیلئے تیار نہیں، لاپتہ افراد کے مسئلے کو کچھ سیاسی جماعتیں آلے کے طور پر استعمال کر رہی ہیں، لیکن ان سیاسی جماعتوں نے لاپتہ افراد کے مسئلے کا حل تجویز نہیں کیا، ہم خصوصی قوانین بنا کر لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کریں گے، یہ ریاست ہماری ہے، اسے توڑنے نہیں دیں گے، بعد میں مسودات قانون منظور کر لئے گئے۔ اور اسمبلی اجلاس بارہ ستمبر سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔ انہوں نے دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ جو عناصر بلوچستان میں بدامنی اور خونریزی پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، وہ جان لیں کہ ریاست اپنی پوری طاقت کے ساتھ ان کا قلع قمع کرے گی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے نئے تعینات ہونے والے آئی جی پولیس محمد طاہر ملاقات کر رہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 

Page No. 

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 11 ستمبر 2025ء

عالمی اداروں کا تعاون قابل تحسین


# خواتین اور نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر معیشت کو مستحکم کیا جا سکتا ہے

میر سرفراز بگٹی

## بلوچستان میں زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے

### وزیر اعلیٰ سے بین الاقوامی زرعی ترقیاتی فنڈ کی کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات، غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور دیہی معیشت مستحکم بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے یو این آئی ایف اے ڈی (بین الاقوامی زرعی ترقیاتی فنڈ) کی کنٹری ڈائریکٹر مس فرنانڈا تھومازنے بدھ کو یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور دیہی معیشت کو مستحکم بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سب سے زیادہ زرعی شعبے پر مرتب ہو رہے ہیں، لہذا موسمیاتی موافق زرعی اقدامات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جا سکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمے اور پائیدار ترقی کے لیے عالمی اداروں کا تعاون قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر دیہی معیشت کو مستحکم کیا جا سکتا ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور گورنر شیخ جعفر مندوخیل فیروز خان لہڑی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 10

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حمید اللہ امین

جلد 80 | جمعرات 11 ستمبر 2025ء، 17 ربیع الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 248

# دہشتگردی کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

### انسداد دہشتگردی کا قانون عام عوام پر لاگو نہیں ہوگا حکومت نے اپنا موقف اپوزیشن کو بتایا تھا حکومت کے فیصلے پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی تو ہم تیار ہیں

### بلوچستان میں زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے

کوئٹہ (اے این این، ایس این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردی



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

ایک ناسور ہے اور ان دہشت گردوں کی غلط نظریہ نے نوجوان نسل کا ذہن خراب کر دیا ہے جس کی ہم اجازت نہیں دیں گے اور بلوچستان میں دہشت گردوں کیخلاف بھرپور کارروائی کر کے ان پر ایک انچ زمین تنگ کر دیں گے انسداد دہشتگردی کا قانون عام عوام پر لاگو نہیں ہوگا حکومت نے اپنا موقف اپوزیشن کو بتایا تھا حکومت کے فیصلے پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی تو ہم تیار ہیں فرانس میں دہشتگردی کے واقعے کے بعد ایک دن میں قانون تبدیل ہوا 2016 میں وکلاء کا قتل ہوا 2016 واقعے کا ماسٹر مائنڈ سعید بادینی گرفتار ہوا بلوچستان حکومت ایک ایسا قانون لا رہی ہے تاکہ لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کے لیے حل کریں کہ جو شخص گرفتار ہوگا اسکے اہل خانہ کو اسی وقت اطلاع دی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان اسمبلی اجلاس میں لیویز سے متعلق بل پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا' انہوں نے کہا کہ حکومت نے اپنا موقف اپوزیشن کو بتایا تھا حکومت کے فیصلے پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی تو ہم تیار ہیں اپوزیشن کے لئے ڈائیلاگ کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں انہوں نے کہا کہ انسداد دہشتگردی کا قانون عام عوام پر لاگو نہیں ہوگا مولانا ہدایت الرحمٰن کے علاقے میں مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا دہشتگردی کے واقعات سے نمٹنے کے لئے خصوصی انتظامات کرنے ہوتے ہیں فرانس میں دہشتگردی کے واقعے کے بعد ایک دن میں قانون تبدیل ہوا انہوں نے کہا کہ 2016 میں وکلاء کا قتل ہوا 2016 واقعے کا ماسٹر مائنڈ سعید بادینی گرفتار ہوا سعید بادینی کا بروقت ٹرائل نہیں کیا گیا لاشیں اٹھانے والوں سے تکلیف کا پوچھیں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف کوئی گواہی دینے کے لئے تیار نہیں ہے ہم لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں جو شخص گرفتار ہوگا اسکے اہل خانہ کو اسی وقت اطلاع دی جائے گی لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے ختم کریں گے ہم سب دہشتگردی کا شکار ہیں کیا ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لیڈرلیس پارلیمنٹ کی لیڈ کے بغیر ہم جنگ نہیں جیت سکتے انہوں نے کہا کہ ہمارا منشور دہشتگردی کو روکنا ہے ہم دہشتگردوں کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے دہشتگرد پارٹی ملک میں امن اور بیروزگاری کا خاتمہ چاہتی ہے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نئے تعینات ہونے والے آئی جی پولیس محمد طاہر ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 21 | جمعرات 11 ستمبر 2025، 17 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ 150



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی میں سرکاری ڈیوٹی پر تعینات خاتون پولیس اہلکار پر دست شفقت رکھ رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نئے تعینات ہونے والے آئی جی پولیس محمد طاہر ملاقات کر رہے ہیں

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

روزنامہ میزان کوئٹہ

چیف ایڈیٹر برکت علی

جلد 77 | جمعرات 11 ستمبر 2025، 17 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 10

# ہم دہشتگردوں کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

انسداد دہشتگردی کا قانون عام عوام پر لاگو نہیں ہوگا، دہشتگردی کے واقعات سے نمٹنے کیلئے خصوصی انتظامات کرنے ہوتے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان کے علاقے میں مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا، فرانس میں دہشتگردی کے واقعہ کے بعد ایک دن میں قانون تبدیل ہوا، ہمارا مسئلہ دہشتگردی کا ہے

لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں، جو شخص گرفتار ہوگا اس کے اہل خانہ کو اسی وقت اطلاع دی جائیگی، لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے ختم کریں گے، ہم سب دہشتگردی کا شکار ہیں، کیا ہم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں لیڈ نہ لیں، پارلیمنٹ کی قیادت کے بغیر ہم جنگ نہیں جیت سکتے

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کا قانون عام عوام پر لاگو نہیں ہوگا، دہشتگردی کے واقعات سے نمٹنے کیلئے خصوصی انتظامات کرنے ہوتے ہیں، صوبائی اسمبلی میں گفتگو کرتے (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ مولانا ہدایت الرحمان کے علاقے میں مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا، فرانس میں دہشتگردی کے واقعہ کے بعد ایک دن میں قانون تبدیل ہوا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ 2016 میں ایک کو قتل ہوا، 2016 واقعے کا ماسٹر مائنڈ سعید بادینی گرفتار ہوا، سعید بادینی کا بروقت ٹرائل نہیں کیا گیا، لاپتہ افراد والوں سے تکلیف کا پوچھیں، دہشتگردی کے خلاف کوئی گواہی دینے کے لئے تیار نہیں، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں، جو شخص گرفتار ہوگا اس کے اہل خانہ کو اسی وقت اطلاع دی جائے گی، لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے ختم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب دہشتگردی کا شکار ہیں، کیا ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لیڈ نہ لیں، پارلیمنٹ کی قیادت کے بغیر ہم جنگ نہیں جیت سکتے، ہمارا مسئلہ دہشتگردی کا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ہم دہشتگردوں کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان تعزیت کے لیے لہڑی ہاؤس گئے

### انہوں نے الحاج میر فیروز لہڑی کے وفات پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بدھ کے روز لہڑی ہاؤس کوئٹہ گئے جہاں انہوں نے الحاج میر فیروز لہڑی کے وفات پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ نے مرحوم کے روح کے ایصال ثواب، بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ (بقیہ 62 صفحہ 7 پر)

جمال خان رئیسانی پارلیمانی سیکریٹری عبدالمجید بادینی، اراکین صوبائی اسمبلی علی مدد جتک، زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان طور اتمانخیل اور سابق صوبائی وزیر میر رؤف رند و دیگر بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ تھے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL ... RELATIONS B...

نظامت اعلیٰ ...
حکومت ب...

Bullet No. 1

Page No. 13

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | جمعرات 11 ستمبر 2025ء | 17 ربیع الاول 1447ھ | Fax: 2839867 Ph: 2839851 | قیمت 10 روپے | M[illegible] OF APNS رجسٹرڈ ایل سی بی-10 | شمارہ 203


بلوچستان اسمبلی میں لیویز فورس سمیت اہم قوانین منظور

# انسدادِ دہشتگردی قانون کسی سیاسی کارکن کیخلاف استعمال نہیں ہوگا، سرفراز بگٹی

انسداد دہشتگردی اور فرانزک سائنس کے ترمیمی مسودات منظور کیے گئے، حکومت نے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا، اپوزیشن بحث کرنا چاہتی ہے تو تیار ہیں، وزیر اعلیٰ

غیر معمولی حالات میں غیر معمولی فیصلے کرنا پڑتے ہیں، انسداد دہشتگردی کا قانون وہاں لاگو ہوگا جہاں دہشتگردی ہوتی ہے، اسمبلی میں اظہار خیال، مسودہ کی منظوری کے بعد ہمیں واٹس ایپ کے ذریعے انصاف ملے گا، ہدایت الرحمٰن کی مخالفت


کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو اپنے مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025 کو اور انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کرلیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت نے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اگر اس مسودہ قانون پر اپوزیشن بحث کرنا چاہتی ہے تو ہم اس کیلئے تیار ہیں، انسداد دہشت گردی کا قانون کسی سیاسی کارکن کیخلاف استعمال نہیں ہوگا، قانون کے مطابق دہشت گردوں کو سزا دیں گے۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ بلو[illegible] فرانزک سائنس کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 29 مصدرہ 2025 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کی کہ انسداد دہشت گردی بلوچستان (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 32 مصدرہ 2025 کو منظور کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس مسودہ کی منظوری کے بعد ہمیں انصاف واٹس ایپ کے ذریعے ملے گا، ہمیں اپنے خلاف گواہاں کا پتہ نہیں چلے گا، اس قانون کی منظوری کے بعد اگر کوئی بے گناہ مارا گیا تو ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی اس قانون کو لانے کی بجائے عدالتوں میں اصلاحات لائیں، یہ قانون انصاف اور انسانی حقوق کا قتل ہے۔

# بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سب سے زیادہ زرعی شعبے پر مرتب ہو رہے ہیں، وزیراعلیٰ

موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جاسکتا ہے

زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے یو این آئی ایف اے ڈی (بین الاقوامی زرعی ترقیاتی فنڈ) کی کنٹری ڈائریکٹر مس فرنانڈا تھوماز نے بدھ کو یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور دیہی معیشت کو مستحکم بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سب سے زیادہ زرعی شعبے پر مرتب ہو رہے ہیں، لہٰذا موسمیاتی موافق زرعی اقدامات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جاسکتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمے اور پائیدار ترقی کے لیے عالمی اداروں کا تعاون قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر دیہی معیشت کو مستحکم کیا جاسکتا ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے تاکہ کسانوں کو اپنی پیداوار بہتر قیمت پر فروخت کرنے کے مواقع میسر آئیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یو این آئی ایف اے ڈی کے تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے میں زرعی ترقی اور دیہی خوشحالی کے لیے مشترکہ اقدامات مستقبل میں بھی جاری رہیں گے ملاقات کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے یو این آئی ایف اے ڈی کی کنٹری ڈائریکٹر کو شیلڈ دی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بل[illegible]

Bullet No. 1

Page No. 14


ABC CERTIFIED
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
بلوچستان

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے [illegible] کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کر رہی ہیں

[illegible]

1 15

CLIPPING SERVICE


# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1215 QUETTA Thursday September 11, 2025 / Rabi ul Awal 17, 1447




QUETTA: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti presenting memento to Country Director of UN's International Fund for Agricultural Development (IFAD) Fernanda Thomaz on Wednesday.

## Bugti vows fast-track agricultural development initiatives

Staff Report

QUETTA: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has pledged to fast-track agricultural development initiatives across the province, focusing on climate resilience, improved infrastructure, and expanded market access.

The Chief Minister announced during a meeting with Fernanda Thomaz, Country Director of the UN's International Fund for Agricultural Development (IFAD), held in Quetta on Wednesday.

The meeting centered on food security, sustainable agriculture, and strengthening the rural economy. CM Bugti emphasized that Balochistan's agricultural sector is particularly vulnerable to climate change, underscoring the urgent need for adaptive farming practices. "By adopting modern agricultural technologies, climate-resilient crops, and sustainable irrigation systems, we can boost productivity and secure the province's food future," Bugti added. He commended international organizations like IFAD for their role in poverty alleviation and rural development.

Sarfraz Bugti highlighted the importance of equipping women and youth with skills to build a robust rural economy. He reaffirmed his government's commitment to inclusive growth and announced that existing projects aimed at upgrading agricultural infrastructure and irrigation networks would be expedited.

The CM also stressed the need to improve market access, enabling farmers to sell their produce at competitive prices. He welcomed IFAD's continued collaboration, noting that joint efforts would remain central to Balochistan's agricultural transformation. Concluding the meeting, CM Bugti presented a commemorative shield to Fernanda Thomaz, recognizing IFAD's support and reaffirming the province's dedication to sustainable rural progress.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 11 SEP 2025 Page No. 16


# ضلع زیارت ہمارا ہیڈ کوارٹر ہے منتقلی کی اجازت نہیں دینگے، نور محمد دمڑ

**مافیا ایک بار پھر آٹے کو مہنگا کرنے کے لیے ذخیرہ اندوزی کر رہی ہے جلد ان کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کریں گے**

**واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارے وزراء ہمارے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں، عوام باشعور ہیں سازشوں کا شکار نہیں ہوں گے**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ ضلع زیارت کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ہیڈ کوارٹر کی منتقلی کے حوالے سے جو خبر چل رہی ہے یہ مخالفین کا پروپیگنڈہ ہے جو ہمارے وزراء کا ذہن خراب کرنے کے لیے سازشوں میں مصروف ہے بعض مافیا ایک بار پھر آٹے کو مہنگا کرنے کے لیے ذخیرہ اندوزی کر رہی ہے جس کی اجازت نہیں دینگے جلد ان کے خلاف کریک ڈاؤن کریں گے اور پہلے سے زیادہ کم قیمت پر عوام کو آٹا فراہم کریں گے یہ بات انہوں نے صوبائی اسمبلی اجلاس کے بعد صحافیوں کے وفد ۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ضلع زیارت ہمارا ہے ہمارے علاقے کا ہیڈ کوارٹر ہے اور رہے گا اگر کسی نے بھی اس کو ادھر منتقل کرنے کی کوشش کی یا سازش کی تو سب سے پہلے میں کھڑے ہو کر ان کا مخالفت کروں گا لیکن اس طرح کوئی پالیسی ہے اور نہ ہی ضلع زیارت کا ہیڈ کوارٹر منتقل ہو رہا ہے ہمارے مخالفین جو ایک مذہبی اور دوسرا قوم پرست جماعت ہے وہ تمام حربے استعمال کرنے کے بعد جب ان کو ناکامی نظر آئی تو انہوں نے اس طرح مسئلہ اٹھا کر ہمارے وزراء کا ذہن خراب کر سکے لیکن ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارے وزراء نہ ہم سے الگ ہو سکتے ہیں اور نہ ہی اس طرح سازشوں پر یقین رکھتے ہیں بلکہ پہلے کی طرح ہمارے ساتھ ہے اور ملکر اس سازش کو ناکام بنائیں گے جہاں تک زیارت کی بندش کے حوالے سے تعلق ہے اس میں دو فریق آپس میں لڑ رہے ہیں جن کی روک تھام کیلئے حکومتی اور میں نے ذاتی طور پر بھی کوشش شروع کی ہے جلد مسئلہ حل کر لینگے انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ بلوچستان میں گندم بحران کا کوئی مسئلہ نہیں ہے بعض مافیا جو ہمیشہ عوام پر مصنوعی طریقے سے آٹے کا بحران پیدا کرتے ہیں وہ ایک بار پھر سرگرم ہو گئے اور آٹے کو ذخیرہ کر دیا گیا عوام اس سے دور رہے ہم جلد اس مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کریں گے اور پہلے سے زیادہ کم قیمت پر دوبارہ آٹا عوام کو فراہم کریں گے۔

## عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، مشیر بلدیات

**ہر سطح پر عوام کے حقوق کے تحفظ اور ریلیف کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، امیر حمزہ خان زہری**

کوئٹہ (آن لائن) مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے سائلین نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ اس موقع ۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

سائلین نے اپنے مسائل، مشکلات اور عوامی نوعیت کے امور سے مشیر بلدیات کو آگاہ کیا۔ نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے سائلین کے مسائل کو بغور سنا اور یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ہی ان کی اولین ترجیح ہے اور ہر سطح پر عوام کے حقوق کے تحفظ اور مسائل کے حل کے لئے جدوجہد جاری رہے گی۔ مشیر بلدیات نے کہا کہ سیاست کا مقصد ذاتی مفاد نہیں بلکہ عوامی خدمت ہے اور وہ اپنی جماعت کے وژن کے مطابق عوام کو ریلیف پہنچانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہیں گے۔

## حکومت تعلیم کی ترویج و ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، میر شعیب نوشیروانی

**بلوچستان کی تمام جامعات کو مالی بحران سے نکالنے کیلئے کوشاں ہیں، بات چیت**

خاران (اے این این) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان میں تعلیم کی ترویج و ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، دیگر شعبوں کی طرح تعلیم کے شعبے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کے ایچ او ڈی شاکر علی اور امانت ۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

حسرت سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس دوران سب کیمپس خاران کو درپیش مسائل، تعلیمی نظام، نظم و نسق، طلباء و طالبات کو درپیش چیلنجز اور تعلیمی معیار میں بہتری کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سب کیمپس کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے صوبائی وزیر خزانہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا اور سب کیمپس خاران کو ڈی ای او کو بجلی کے کھمبے اور ٹرانسفارمر کی فراہمی سمیت ایگزامینیشن ہال کی منظوری، ٹرانسپورٹ کی مرمت اور دیگر اخراجات کے لیے دس لاکھ جبکہ طلباء کو دوسرے اسٹڈی ٹور کے لیے بھی دس لاکھ روپے کے اجراء پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے سب کیمپس انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں تعلیم کی ترویج و ترقی کو صوبائی حکومت اولین ترجیح سمجھتی ہے اور سب کیمپس سمیت بلوچستان کی تمام جامعات کو مالی بحران سے نکالنے کے لیے جامع اور دیرپا حکمت عملی اختیار کی جائیگی۔ تاکہ ہمارے تعلیمی اداروں میں بلاتعطل درس و تدریس کا سلسلہ جاری رہے اور طلبا کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنی پڑے۔

## صحت کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے، بخت محمد کاکڑ

**بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن علاج معالجے کے نظام کی بہتری کیلئے کوشاں ہے، صوبائی وزیر کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے بورڈ کا اجلاس ہوا، جس میں سیکرٹری صحت مجیب الرحمن سمیت دیگر بھی شریک تھے۔ اجلاس میں صوبے میں صحت کی سہولیات کے معیار کو بہتر بنانے، نجی اور سرکاری ہسپتالوں و کلینکس کی مانیٹرنگ اور ریگولیشن سے متعلق اہم امور پر غور کیا گیا۔ اس موقع ۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن صحت کے شعبے میں ریفارمز کے لیے نہایت اہم ادارہ ہے، جو علاج معالجے کے نظام کو بہتر اور موثر بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیشن کے ذریعے سرکاری و نجی سطح پر صحت کی سہولیات کی نگرانی اور معیار کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولتیں میسر آ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے میں صحت کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے اور ہیلتھ کیئر کمیشن عوام کے اعتماد کی بحالی اور معیاری علاج کی فراہمی میں سنگ میل ثابت ہوگا۔

## افواج پاکستان کی بلوچستان کیلئے گرانقدر خدمات ہیں، وڈیرہ میاں خان

**ایف سی کے افسران و جوانوں نے جانیں قربان کر کے ہمیں پرسکون ماحول فراہم کیا، بات چیت**

سبی (آئی این پی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم و انرجی پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ افواج پاکستان نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں کامیاب حکمت عملی کی بدولت امن اور ترقی کا سفر تیز ہو چکا ہے ترقی اور خوشحالی کے سفر میں ایف سی بلوچستان ۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کے افسران و جوانوں نے اپنی جانیں قربان کر کے ہمیں پرسکون ماحول فراہم کیا، تمام شہداء ہمارے سروں کے تاج ہیں آئی جی ایف سی نارتھ بلوچستان کی سبی آمد سے قیام امن، مسائل کے حل اور عوام کی ترقی و خوشحالی کی راہ ہموار ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد بگٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر لیبر ونگ کے صوبائی جنرل سیکرٹری خان موسیٰ خان نجک، میر ظہور احمد کھوسہ اور میر عبدالرحمان بگٹی بھی موجود تھے۔ وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا کہ بہت جلد علاقے کا دورہ کروں گا عوامی مسئلہ مسائل و مشکلات سے باخبر ہوں۔ آئی جی ایف سی (نارتھ) بلوچستان میجر جنرل ندیم منظور کی سبی آمد اور عوامی مسائل کو حل کرنے کا خیر مقدم کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ سرحدوں کی حفاظت، عوام کی جان و مال اور روزگار کے تحفظ سمیت قیام امن کیلئے ایف سی کا کردار ہمیشہ مثالی رہا ہے قدرتی آفات میں متاثرین کی امداد کیلئے ایف سی کے بروقت اقدامات قابل ستائش ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 11 SEP 2025 Page No. 17

## بولان میں قومی شاہراہ کو دورویہ کرنیکا منصوبہ زیر التواء ہے، عاصم گیلو

### 200 ارب کی لاگت آئیگی، اسمبلی میں اظہار خیال، وفاق کے پاس جائینگے، سلیم کھوسہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ کوئٹہ جیکب آباد قومی شاہراہ تین صوبوں اور 14 اضلاع کو ملاتا ہے ہر وفاقی پی ایس ڈی پی میں رقم مختص کیے جانے کے باوجود سڑک کو دورویہ نہیں بنایا جارہا ہے، یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بولان میں قومی شاہراہ کو دورویہ نہیں بنایا جارہا، ہر وفاقی پی ایس ڈی پی میں سڑک کے لئے رقم مختص کی جاتی ہے مگر کام نہیں ہوتا، یہ منصوبہ 2006ء سے التواء کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال میں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اس سلسلے میں ملاقات بھی کی تھی جس میں وزیراعظم نے رواں سال اس منصوبہ پر عملدرآمد کی یقین دہانی کرائی تھی، مذکورہ شاہراہ تین صوبوں اور 14 اضلاع کو ملاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسے دیگر صوبے ترقی کر رہے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان بھی ترقی کرے، ملتان، بہاولپور شاہراہ کیلئے چار سو ملین، سکھر حیدرآباد شاہراہ کیلئے تین سو بلین روپے رکھے گئے ہیں، کوئٹہ سے جیکب آباد تک شاہراہ کو دورویہ کرنے پر 200 ارب کی لاگت آئی ہے اسے جلد تعمیر کیا جائے۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ کوئٹہ جیکب آباد اہم شاہراہ ہے جو بلوچستان کو سندھ سے ملاتی ہے سننے میں آیا ہے کہ این ایچ اے نے بولان میں سڑک کی مرمت کا کام شروع کیا ہے، اس سلسلے میں ہم وفاق کے پاس جائیں گے تاکہ اس منصوبہ کو جلد از جلد مکمل کیا جاسکے۔ صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے کہا کہ یہ ایک قومی شاہراہ ہے جو 14 اضلاع کو صوبائی دارالحکومت سے جوڑتی ہے۔ انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کہ وہ اس سلسلے میں ایک پارلیمانی وفد تشکیل دیں جو وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں وزیراعظم اور صدر مملکت سے ملاقات کرکے اس اہم منصوبہ کو جلد از جلد مکمل کرانے کیلئے بات کرے۔

## سیلاب کی صورت میں کوئی بند نہیں توڑا جائے گا، صادق عمرانی

### لوگوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی کیلئے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں، اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے کہا ہے کہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقلی کے حوالے سے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں، سندھ حکومت کے ساتھ طے کیا ہے کہ سیلاب کی صورت میں کوئی بند نہیں توڑا جائے گا، کسی ہنگامی صورتحال میں دونوں وزراعلیٰ کوئی فیصلہ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر انہوں نے محکمہ آبپاشی کے ذمہ داروں کے ہمراہ سیلابی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے نصیرآباد کا دورہ کیا، جہاں کمشنر اور چاروں ڈپٹی کمشنرز کے ساتھ میٹنگ ہوئی، سیلابی صورتحال کے پیش نظر لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقلی کے حوالے سے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سکھر بھی گئے وزیر آبپاشی سندھ سے ملاقات میں سندھ کے ساتھ طے کیا کہ سیلاب کی صورت میں کوئی بند نہیں توڑا جائے گا، اگر 11 لاکھ کیوسک سے زیادہ پانی آتا ہے تو دونوں وزراعلیٰ کوئی فیصلہ کریں گے۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ اس مرتبہ سیلاب میں محکمہ آب پاشی اور پی ڈی ایم اے نے اچھا کام کیا، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے اراکین سندھ حکومت سے مطالبہ کریں کہ حیردین نہر کا ڈرینج نظام بنایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 11 SEP 2025 Page No. 18


[illegible]

MASHRIQ QUETTA

## ڈویلپمنٹ پیکج کے ذریعے کوئٹہ میں بیروزگاری کا خاتمہ ہو گا، بخت کاکڑ

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 — Dated: 11 SEP 2025 — Page No. 19


## دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی اپنانا ہوگی، آئی جی پولیس

**اہلکاروں کی فلاح و بہبود اولین ترجیحات میں شامل ہے، محمد طاہر کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نئے تعینات ہونے والے انسپکٹر جنرل آف پولیس محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس ایک باصلاحیت، دلیر اور قربانیوں سے سرشار فورس ہے، جس نے دہشت گردی کے خلاف بے مثال قربانیاں دیں اور دنیا اس کی بہادری کی معترف ہے بلوچستان پولیس کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے خلوص نیت، پیشہ ورانہ جذبے اور سخت محنت کو اپنانا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پہنچنے کے بعد افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہیں صوبے کی امن و امان کی صورتحال اور پولیس کی کارکردگی پر بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس دہشت گردی کی جنگ میں فرنٹ لائن پر ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیس اہلکاروں کی فلاح و بہبود ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کیونکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اس فورس نے گراں قدر جانی و مالی قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ جوانوں کی فلاح کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور مزید سہولیات کے حصول کے لیے حکومت سے بھی رابطہ کیا جائے گا۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کا فروغ ناگزیر ہے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور بنیادی حقوق کی پاسداری یقینی بنانا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ قبل ازیں سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں سلامی دی۔ جبکہ آئی جی نے پولیس شہداء کی یادگار پر حاضری دے کر پھول چڑھائے اور شہداء کے بلندی درجات، ملکی یکجہتی و سلامتی کے لیے دعا کی۔

## ریکوڈک منصوبہ: لاگت بڑھ کر 7.48 ارب ڈالر ہوگئی

**تعمیر کے ٹیکنیکل کنکشن کے قریب، منصوبے کو اصل تخمینے یعنی 6.765 ارب ڈالر پر مکمل کرنے کی کوشش کی جائیگی، حکام**

اسلام آباد (خالد مصطفیٰ، اسرار خان) پاکستان کی کان کنی اور سرمایہ کاری کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھنے والے ریکوڈک تانبے اور سونے کے منصوبے پر چار دہائیوں کی تاخیر کے بعد بالآخر پیش رفت ہوئی ہے۔ اعلیٰ حکام نے تصدیق کی ہے کہ یہ منصوبہ تعمیر کے آخر یا اکتوبر کے آغاز تک فائنل تقاضے حاصل کرے گا۔ بلوچستان کے ضلع چاغی میں واقع یہ منصوبہ اپنی 37 سالہ مدت میں تقریباً 74 ارب ڈالر کے فری کیش فلو پیدا کرے گا اور اسے پاکستان کی مستقبل کی معاشی حکمت عملی کا سنگ بنیاد قرار دیا جا رہا ہے۔ تین سرکاری شراکت دار اداروں پی پی ایل، او جی ڈی سی ایل اور جی ایچ پی ایل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور جنرل اجلاسوں نے باضابطہ طور پر منصوبے کی لاگت میں 715 ملین ڈالر اضافے کی منظوری دی، جس سے کل لاگت بڑھ کر 7.480 ارب ڈالر ہو گئی ہے۔ یہ اضافہ قرض دہندگان کی محتاط جانچ کا نتیجہ ہے جنہوں نے مہنگائی، عالمی کموڈٹی مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ اور اضافی ہنگامی اخراجات کو مدنظر رکھا۔ تاہم، حکام کے مطابق سخت لاگت کنٹرول اور آپریشنل موثریت کے ذریعے منصوبہ اصل تخمینے یعنی 6.765 ارب ڈالر پر ہی مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ منصوبے کی تعمیر دسمبر 2025 میں شروع ہوگی اور تجارتی سرگرمیوں کا آغاز 2028 میں متوقع ہے۔ فنانسنگ ماڈل کو 50:50 ایکویٹی اور قرض کی بنیاد پر ترتیب دیا گیا ہے تاکہ مقامی اور بین الاقوامی شراکت دار بلا ضرورت قرض کے بوجھ کے سرمایہ کاری کر سکیں۔ اس مقصد کے لیے ایک خصوصی کمپنی ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) قائم کی گئی ہے جس میں بیرک گولڈ کارپوریشن اور پاکستان و بلوچستان کی حکومتیں شراکت دار ہیں۔ بیرک گولڈ بطور مرکزی آپریٹر اور غیر ملکی سرمایہ کار 50 فیصد حصہ رکھتا ہے، جب کہ باقی 50 فیصد حکومت پاکستان (او جی ڈی سی ایل، پی پی ایل، جی ایچ پی ایل کے ذریعے) اور حکومت بلوچستان کے درمیان تقسیم ہے۔ بلوچستان کا حصہ 25 فیصد ہے جس میں سے 10 فیصد فری کیریڈ انٹرسٹ اور 15 فیصد وفاقی حکومت کی ضمانت سے فنڈ شدہ حصہ شامل ہے، تاکہ بلوچستان کو کسی مالی بوجھ کے بغیر فائدہ پہنچے اور مقامی شمولیت یقینی ہو۔ منصوبے نے نمایاں عالمی مالیاتی اداروں کی حمایت بھی حاصل کر لی ہے۔ ورلڈ بینک گروپ کا ذیلی ادارہ انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (IFC) منصوبے کے لیے 700 ملین ڈالر فراہم کرے گا جس میں سے 400 ملین ڈالر کا سب آرڈینیٹڈ قرض پاکستانی سرکاری اداروں کی بیلنس شیٹس پر ہوگا، اور اس کے لیے کسی خودمختار (sovereign) ضمانت کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اسے بڑے پیمانے پر فنانسنگ ڈھانچے میں ایک اہم کامیابی تصور کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح، ایشین ڈویلپمنٹ بینک (ADB) نے بھی 40 سال بعد پہلی مرتبہ کسی کان کنی منصوبے کے لیے 300 ملین ڈالر قرض کی منظوری دی ہے اور ساتھ ہی بلوچستان حکومت کے لیے 110 ملین ڈالر کا کریڈٹ گارنٹی بھی فراہم کیا ہے تاکہ اس کے حصے کو مزید محفوظ بنایا جا سکے۔

## بدعنوانی کیخلاف اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے، عمران مجید

**طلباء معاشرے میں تبدیلی کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کریں، ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب کا سیمینار سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قومی احتساب بیورو بلوچستان کے ایڈیشنل ڈائریکٹر عمران مجید نے کہا ہے کہ بدعنوانی کے خلاف اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے طلباء معاشرے میں تبدیلی کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز میں "بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار" کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سیمینار کا بنیادی مقصد نوجوانوں بالخصوص طلباء کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان طلباء معاشرے میں تبدیلی کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں افسران نے طلباء کو تلقین کی کہ وہ اپنی زندگیوں میں دیانتداری اور احتساب کو بنیاد بنائیں اسلامی تعلیمات کا حوالہ دیتے ہوئے مقررین نے کہا کہ خود احتسابی اور دیانت داری اسلام کے بنیادی اصول ہیں اور بدعنوانی کی کسی قسم کی اجازت نہیں دی جا سکتی اس موقع پر نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز کی ڈائریکٹر محترمہ سمرینے نیب بلوچستان کی کوششوں کو سراہا۔

## چینی کمپنیوں کا بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری میں اظہار دلچسپی

**بلال کاکڑ کے دورے کے بعد وفد کی اسلام آباد آمد، سرمایہ کاری بورڈ کے حکام نے بریفنگ دی**

اسلام آباد (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کے حالیہ کامیاب دورہ چین کے مثبت اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، اس سلسلے میں پہلا چینی سرمایہ کاری وفد یوان سی ینگ چیمبر آف کامرس کے صدر مسٹر رائے کی قیادت میں اسلام آباد میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر پہنچا، جہاں بورڈ کے اعلیٰ حکام نے وفد کا پرجوش استقبال کیا۔ اس موقع پر بی او آئی بی کے حکام نے وفد کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع، صوبے کے قدرتی وسائل، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور خصوصی سرمایہ کاری مراعات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ چینی سرمایہ کاروں نے بلوچستان میں موجود قدرتی وسائل، خصوصاً معدنیات کے شعبے کے علاوہ توانائی، زراعت، صنعت اور دیگر تجارتی مواقع میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔


INTEKHAB QUETTA


## جی آئی زیڈ کے وفد نے ٹی ٹی سی کوئٹہ سینٹر آف ایکسی لینس کا دورہ کیا

**مختلف بلاکس کا معائنہ، پرنسپل کی بریفنگ، ادارے کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کیا جائیگا**

کوئٹہ (پ ر) جی آئی زیڈ ٹی وی ای ٹی ایس ایس پی ٹیم نے پروگرام کمپوننٹ منیجر طاہر خان کی قیادت میں ٹی ٹی سی کوئٹہ سینٹر آف ایکسیلینس کا پری اسسمنٹ دورہ کیا، ٹیم میں ٹیکنیکل ایڈوائزر و کوآرڈینیٹر برائے سینٹرز آف ایکسیلینس و ماڈل انسٹیٹیوٹس شہریار خان مروت، جی 230 ٹیم کے اراکین پیرزادہ ندیم الحق اور آندریاس کوہن سمیت بی ٹیوٹا اور افرادی قوت تربیت بلوچستان کے افسران


بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر


شامل تھے پرنسپل ٹی ٹی سی کوئٹہ خیر محمد رند نے ادارے سے متعلق بریفنگ دی جبکہ ایس ٹی آئی کے چیف انسٹرکٹر فریز شیر شیرازی اور اکاؤنٹ منیجر شبیر احمد بھی موجود تھے، وفد نے سینٹر آف ایکسی لینس کے تمام بلاکس کا تفصیلی معائنہ کیا تاکہ تزئین و آرائش اور بحالی کے اقدامات کی نشاندہی کی جا سکے، دورے کا مقصد ادارے کو جدید فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے تقاضوں اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق اپ گریڈ کرنا تھا تاکہ مستقبل میں مارکیٹ سے ہم آہنگ نئی ٹیکنالوجیز متعارف کرائی جا سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 11 SEP 2025 Page No. 20

## مشرقی بائی پاس توسیعی منصوبے پر کام کی رفتار تیز کی جائے، کمشنر کوئٹہ

منصوبے کی جلد تکمیل سے ٹریفک کے دباؤ اور رش میں کمی آئیگی، پانی کا چھڑکاؤ کیا جائے تا کہ گرد و غبار سے نہ ہو، اجلاس میں افسران کو ہدایت

**منصوبہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کی جانب ایک بڑا اقدام ہے، شاہزیب خان کاکڑ کا اپنی زیر صدارت اجلاس سے خطاب، ڈی سی و دیگر شریک**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت مشرقی بائی پاس کے توسیعی منصوبے پر کام کی پیش رفت اور درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن عمبور احمد، ڈائریکٹر کوآرڈینیشن این ایچ اے میر آصف اور ریذیڈنٹ ڈائریکٹر شفقت طارق بھی شریک تھے۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ مشرقی بائی پاس کے توسیع کا منصوبہ عوامی سہولت کے لیے انتہائی اہم ہے، اس لیے اس پر کام کی رفتار کو مزید تیز کرتے ہوئے جلد........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

از جلد منصوبہ مکمل کیا جائے تا کہ ٹریفک کے دباؤ اور رش میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دوران تعمیر پانی کا چھڑکاؤ لازمی کیا جائے تا کہ گرد و غبار سے عوام کو مشکلات کا سامنا نہ ہو، جبکہ ٹریفک کے لیے متبادل راستوں کا انتظام بھی یقینی بنایا جائے۔ این ایچ اے کے نمائندوں نے اجلاس کو بتایا کہ منصوبہ 31 دسمبر تک مکمل کر لیا جائے گا اور اس سلسلے میں فنڈز کا اجرا بھی کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مشرقی بائی پاس پر دو مقامات پر فلائی اوورز کی تعمیر شامل ہے جس پر جلد عملی اقدامات شروع کئے جائیں گے، جبکہ زیر تعمیر پلوں کو بھی جلد از جلد مکمل کیا جائے گا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ مشرقی بائی پاس کا توسیعی منصوبہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کی جانب ایک بڑا اقدام ہے۔ منصوبے کی بروقت تکمیل سے نہ صرف ٹریفک مسائل کم ہوں گے بلکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔

## اے سی ایس کی زیر صدارت اجلاس جی ڈی اے ہاؤسنگ اسکیم کے قیام پر اتفاق

**باقاعدہ منظوری آئندہ اجلاس میں دی جائیگی، اسکیم کیلئے نجی زمین کی خریداری کا عمل جاری**

زاہد سلیم کی جانب سے زمین کی خریداری میں قواعد و ضوابط اور شفافیت کو یقینی بنانے کی ہدایت

گوادر (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ بلوچستان زاہد سلیم کی زیر صدارت جی ڈی اے ہاؤسنگ اسکیم کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی اجلاس میں اسکیم کے قیام پر اصولی اتفاق کر لیا گیا ہے، جبکہ باقاعدہ منظوری آئندہ اجلاس میں دی جائے گی جس کے بعد اسکیم کی لانچنگ........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

## ممکنہ سیلابی خطرات سے نمٹنے کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر تمام متعلقہ اداروں کیساتھ رابطے میں ہیں، جہانزیب خان

کوئٹہ (اے پی پی) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان و ریلیف کمشنر جہانزیب خان غورزئی نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین، ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ کوآرڈینیشن پی ڈی ایم اے نوید احمد شیخ اور ڈپٹی کمشنر کشمور (سندھ) آغا شہزمان خان کے ہمراہ کشمور کے علاقے توری اور کھوڑا گھاٹ بند کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش ........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کا مرحلہ شروع ہوگا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اسکیم کے لیے پرائیویٹ زمین کی خریداری کا عمل جاری ہے۔ اس سلسلے میں مختلف علاقوں سے مختلف افراد سے موصول ہونے والی پیشکشوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبہ مجموعی طور پر 500 ایکڑ پر مشتمل ہوگا، جبکہ ابتدائی مرحلے میں 200 ایکڑ زمین پر کام شروع کیا جائے گا۔ اس منصوبے کا مقصد گوادر میں رئیل اسٹیٹ سرمایہ کاری کو فروغ دینا، عوام کو معیاری رہائشی سہولیات فراہم کرنا اور جی ڈی اے کے ذرائع آمدن میں اضافہ کرنا ہے۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی

نظر سرکاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور متعلقہ محکموں کے حکام سے مشاورت کے بعد ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان و ریلیف کمشنر جہانزیب خان غورزئی نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر پی ڈی ایم اے کی ٹیم گزشتہ ایک ہفتے سے متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل رابطے ہے۔ ایف سی بلوچستان کے تعاون کے ساتھ سندھ اور پنجاب کی حکومتوں کے ساتھ مل کر نصیر آباد، صحبت پور اور جعفر آباد کے ممکنہ طور پر متاثرہ اضلاع کو سیلابی خطرات سے بچانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

## سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے حوالے سے ڈی سی آفس میں اجلاس

**احتجاج کے دوران پرامن رہا جائے گا، مظاہرین مختص جگہ سے باہر نہیں جائیں گے، ڈی سی**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کل منعقد ہونے والے احتجاج کے حوالے سے سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

اجلاس میں ایس ایس پی آپریشن محمد بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) کیپٹن (ر) حمزہ انجم سمیت ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران شریک ہوئے۔

Century Express Quetta

## تحصیل آفس میں پرائیویٹ افراد کے داخلے پر پابندی

**کسی بھی پرائیویٹ فرد کو سرکاری کاغذات کو ہاتھ لگانے کی بھی اجازت نہیں ہوگی**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت تحصیل آفس میں پرائیویٹ افراد (ایجنٹس) کے داخلے اور مداخلت پر مکمل پابندی عائد کرنے کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، تحصیلدار کچلاک، تحصیلدار سٹی اور تحصیلدار صدر نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تحصیل دفاتر میں کسی بھی پرائیویٹ شخص یا ایجنٹ کو نہ تو داخلے کی اجازت ہوگی اور نہ ہی وہ کسی سرکاری کاغذات یا امور میں مداخلت کر سکے گا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی پرائیویٹ فرد کو سرکاری کاغذات ہاتھ لگانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کے سرکاری کام سرکاری اہلکار ہی انجام دیں گے، پرائیویٹ افراد کی موجودگی اور مداخلت نہ صرف عوامی مفاد کے خلاف بلکہ سرکاری امور میں رکاوٹ اور بے ضابطگیوں کا باعث بھی بنتی ہے۔ انہوں نے تحصیلداروں اور انتظامی عملے کو ہدایت کی کہ آج کے بعد تحصیل آفس میں پرائیویٹ افراد کے پابندی کے فیصلے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اگر کسی بھی مقام سے شکایت موصول ہوئی تو اس کے ذمہ دار افسر اور متعلقہ شخص کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 11 SEP 2025 Page No. 21

## اختر مینگل کی زیر صدارت بی این پی کا اجلاس، اہم فیصلے

[illegible]

## [illegible] نیشنل پارٹی

[illegible]

## جمہوری مزاحمت کا راستہ کسی صورت نہیں چھوڑیں گے، ہدایت الرحمٰن

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 9

Dated: 11 SEP 2025

Page No. 22


## کوئٹہ، سول سیکرٹریٹ پر ممکنہ دہشتگرد حملے کے پیش نظر تھریٹ الرٹ جاری

### 3 سنگل کیبن سرکاری گاڑیوں میں ایف سی کی وردی میں ملبوس افراد حملہ کرسکتے ہیں، محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سول سیکرٹریٹ میں دہشت گردوں کے حملے کے پیش نظر تھریٹ الرٹ جاری کردیا گیا۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے جاری کردہ ایک تھریٹ الرٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (سیکورٹی) سول سیکرٹریٹ نے ایک لیٹر کے ذریعے مطلع کیا ہے کہ خفیہ اطلاع ملی ہے کہ 3 سنگل کیبن سرکاری گاڑیاں جس میں ایف سی کی وردی میں افراد سوار ہیں جو سرکاری تنصیبات پر دہشت گردی کرسکتے ہیں لہذا سیکورٹی پر مامور افسران تمام ملازمین کو ہائی الرٹ رکھیں اور اپنے پوائنٹ کے داخلی راستوں پر تعینات ملازمان کو سختی سے ہدایت دیں کہ سول سیکرٹریٹ کے اندر داخل ہونے والی گاڑیوں کو روک کر تسلی سے چیک کریں اور مکمل تسلی ہونے پر اندر داخل ہونے دیں اسی طرح مین گیٹ ہائی ملان گیٹ سے وردی میں آنے والے یا سول ڈریس میں تمام ملازمین کے سروس کارڈ چیک کریں اور سویلین کا بھی اسی طرح تسلی بخش چیکنگ کے بعد انٹری کرکے اندر داخل ہونے دیں۔

## ڈھاڈر: فورسز کا مشترکہ آپریشن، ڈاکوؤں کے ٹھکانے نذر آتش

### ڈکیت گروہ شاہراہوں پر ٹرانسپورٹرز اور عوام کو اسلحہ کے زور پر لوٹتا تھا، ڈی سی کچھی

ڈھاڈر (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد خان مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر لیویز فورس، پولیس، کیو آر ایف نے ڈھاڈر کے نواحی علاقوں نوشان، کوٹ فیض بخش اور دیگر مقامات پر مشترکہ سرچ آپریشن کیا جہاں سے ڈکیت گروہ اکثر سنی ڈھاڈر لنک روڈ، سنی شوران گنداواہ روٹس پر ٹرانسپورٹرز اور عوام کو اسلحے کے زور پر لوٹتے تھے آپریشن کے دوران ڈاکوؤں کی کمین گاہوں کا محاصرہ کرکے متعدد ٹھکانوں کو نذر آتش کردیا گیا بعدازاں اپنے دفتر میں میڈیا نمائندگان سے گفتگو میں ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد خان مندوخیل نے بتایا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرا

پیشہ عناصر کا قلع قمع اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے انہوں نے واضح کیا کہ ضلع میں امن و امان کے قیام کے لیے کسی قسم کی مجرمانہ سرگرمی برداشت نہیں کی جائے گی۔

## ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد میں فائرنگ، دو افراد ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد میں پرانی دشمنی کی بنا پر مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد ہلاک ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب اراضی کے تنازعہ پر مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص غلام شبیر احمد کو ہلاک کردیا جبکہ دوسرے واقعہ میں اوستہ محمد میں جان کالونی میں پرانی دشمنی کی بنا پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک نوجوان نیم جاں بحق ہوگیا۔

## لورالائی: پولیس کی کارروائی

### ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی پولیس ایک کارروائی کے دوران ملزم جمیل ولد حاجی قربان ساکن موسیٰ خیل کو گرفتار کرلیا، جس کے قبضے سے 07 عدد پسٹل، 950 کارتوس اور پسٹل کے خالی میگزین برآمد ہوئی۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف بلوچستان آرمز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

## چمن میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چمن کے علاقے ولی محمد خان میدانی کے کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص ہلاک کردیا اطلاع ملنے پر لیویز نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال پہنچائی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

## تربت: مسلح افراد نے پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنا کر اسلحہ چھین لیا

تربت (نمائندہ جنگ) تربت کے علاقے جوسک میں نامعلوم مسلح افراد نے ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنا کر ان سے سرکاری اسلحہ چھین لیا۔ اہلکار پی ڈی ایم اے کے زیر تعمیر دفتر کی سکیورٹی پر تعینات تھے کہ اچانک مسلح افراد نے ان پر دھاوا بول دیا۔ مسلح افراد نے اہلکاروں کو کچھ دیر یرغمال بنانے کے بعد ان سے اسلحہ چھین کر فرار اختیار کیا جبکہ پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا گیا۔

## چاغی میں مسلح افراد کا تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چاغی میں مسلح افراد نے تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ کرکے مشینری کو نذر آتش کردی اور فرار ہوگئے سیکورٹی ذرائع کے مطابق چاغی میں تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر گزشتہ روز مسلح افراد نے حملہ کرکے مشینری کو نذر آتش کردی اور فرار ہوگئے۔


Century Express Quetta


## پشتون باغ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتون باغ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، پولیس کے مطابق سرکی روڈ کے رہائشی عبداللہ ولد تاج محمد کو قرض دار نے اسپنی روڈ پشتون باغ بلایا کہ اپنا قرضہ لے جائے جس پر وہ پشتون باغ پہنچا تو قرض دار جو سرکی روڈ کا ہی رہائشی ہے اس پر فائرنگ کرکے گاڑی میں فرار ہوگیا فائرنگ کے نتیجے میں عبداللہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو بی ایم سی ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی۔ جبکہ خروٹ آباد پولیس نے مقدمہ درج کرکے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل کردیا۔


INTEKHAB QUETTA


## سوراب: پرائمری سکول میں توڑ پھوڑ کے بعد آگ لگادی گئی

### قبائلی شخصیت کے فرزند کو فجر کی نماز کیلئے جاتے ہوئے اغواء کرلیا گیا

سوراب (آن لائن) گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی جوری ریکی زئی میں منگل اور بدھ کی درمیانی شب شرپسند عناصر نے عمارت میں توڑ پھوڑ کے بعد قیمتی ریکارڈ، فرنیچر اور تعلیمی سامان کو آگ لگادی جس کے نتیجے میں تمام سامان مکمل طور پر جل کر راکھ ہوگیا عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سوراب اور محکمہ تعلیم سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی فوری تحقیقات کرکے مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے

بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

دریں اثناء گدر و سوراب کے قبائلی رہنما کے فرزند محمد اکبر میراجی مینگل کو گزشتہ صبح نماز کیلئے جاتے ہوئے نامعلوم افراد نے اغواء کرلیا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

# کسی صورت دہشت گردوں کے سامنے سرنڈر نہیں کرینگے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردی خواہ مذہب کے نام پر ہو یا قومیت کے نام پر اس کا عوامی حقوق اور ترقی سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ ظلم، بربریت اور ملک دشمنی ہے بلوچستان کے عوام دہشت گردوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں اور کسی صورت دہشت گردوں کے سامنے سرنڈر نہیں کیا جائے گا وہ قلعہ سیف اللہ میں رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ کی دعوت پر منعقدہ ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے اس موقع پر میزبان مولوی نور اللہ سمیت اراکین اسمبلی صوبائی وزراء اور نواب ایاز خان جوگیزئی سمیت قبائلی عمائدین، علماء اور عوام کی ایک بڑی تعداد موجود تھی وزیراعلیٰ نے کہا کہ مولوی نور اللہ نے کبھی اپنی ذات کے لیے مطالبہ نہیں کیا بلکہ ہمیشہ عوامی مسائل اور حلقے کے مفادات کے لیے آواز بلند کی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ قلعہ سیف اللہ کو اپنا گھر سمجھتے ہیں اور عوام سے ملنے کے لیے ہر مشکل کو خاطر میں نہیں لاتے یہیں سے اکثر اوقات ان کا گزر رہا ہے اور یہیں عزیز دوست ہیں انہوں نے کہا کہ مذہب کے نام پر بندوق اٹھانے والے دراصل دین کے دشمن اور ظالم ہیں، اسلام امن، بھائی چارے اور رواداری کا دین ہے اسی طرح بلوچ قوم پرستی یا حقوق کے نام پر ہتھیار اٹھانے والے بھی محض ملک توڑنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں اور معصوم انسانوں کے قتل کے ذمہ دار ہیں انہوں نے کہا کہ معصوم شہریوں اور مسافروں کا قتل ناقابل معافی جرم ہے وزیراعلیٰ نے کوئٹہ میں سیاسی جلسے پر حالیہ خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن دہشت گردی کے خلاف پورا بلوچستان متحد ہے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا انہوں نے متاثرہ جماعت کے قائدین، رہنماؤں، کارکنوں اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر شہری اور سیاسی جماعت کا بنیادی حق ہے مگر سڑکوں کی جبری بندش، ٹائر جلانا اور عوام کو اذیت میں مبتلا کرنا آئین و قانون کے منافی ہے

انہوں نے واضح کیا کہ وہ کسی کو مریضوں، مسافروں اور عام شہریوں کی زندگی خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے اور آئین و قانون کے ساتھ کھڑے رہیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ کے مطالبات پر قلعہ سیف اللہ و گرد و نواح کے لیے متعدد ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات کیے انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں انتظامی بنیادوں پر نئے اضلاع قائم کیے جا رہے ہیں اور انشاء اللہ مسلم باغ کو بھی جلد ضلع بنایا جائے گا اسی طرح قلعہ سیف اللہ میں دانش اسکول وہیں قائم کیا جائے گا جہاں وزیراعظم پاکستان نے اعلان کیا ہے، تاہم عدلیہ کے فیصلے کو مقدم رکھا جائے گا وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ سرکی روڈ (مرغا فقیر سے کرم تک) اور جوشن زئی تا ثبوت روڈ کے منصوبے فزیبلٹی کے بعد وسائل کی فراہمی پر مکمل کیے جائیں گے انہوں نے فٹبال اسٹیڈیم کے لیے ایک ٹریکٹر بمعہ مشین، تماشائیوں کے لیے شیڈز، کھلاڑیوں کے آلات اور گراؤنڈ کی دیکھ بھال کے لیے 50 لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان بھر میں لیویز فورس کو پولیس میں ضم کیا جا رہا ہے تاہم لیویز ہو یا پولیس قلعہ سیف اللہ کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے معدنی وسائل پر سب سے پہلا حق مقامی عوام کا ہے، کسی کو ان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی البتہ بین الاقوامی ماہرین صرف وہاں شامل ہوں گے جہاں مقامی استعداد ناکافی ہو، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل پر کسی کو قبضہ کرنے نہیں دیا جائے گا سرفراز بگٹی عوام کا محافظ بن کر کھڑا رہے گا وزیراعلیٰ نے کان مہترزئی ڈیم کی تعمیر کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پانی کے ضیاع کو روکنے اور مستقبل کے بحران سے بچنے کے لیے ڈیموں کی تعمیر ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ بادینی گیٹ اور بازار لی ریل کی تعمیر قومی ضرورت ہے اس سے وسطی ایشیا اور پنجاب کے ساتھ تجارتی روابط میں آسانی پیدا ہوگی وفاقی حکومت اس منصوبے پر کام کر رہی ہے اور جلد اس کی تکمیل متوقع ہے خطاب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مولوی نور اللہ، نواب ایاز خان جوگیزئی اور عوام کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ قبائلی احترام اور بھائی چارے کا رشتہ اٹوٹ ہے کوئی طاقت اسے ختم نہیں کر سکتی انہوں نے جلسے میں شریک عوام کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 11 SEP 2025 Page No. 24


## گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ بلوچستان کا روشن مستقبل

گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ بلوچستان کو عالمی قوانین (ہانگ کانگ کنونشن) کے تحت ماحولیاتی آلودگی سے پاک



سا ?ئڈ پروف انڈسٹری کا درجہ دیکر ایک بار پھر دنیا کی سب سے بڑی شپ بریکنگ

**تحریر: عابد بٹ**

انڈسٹری کا اعزاز دلانے کیلئے وفاقی اور بلوچستان کی حکومتوں کی جانب سے اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے، ہانگ کانگ شپ ریسائیکلنگ کا عالمی ایکٹ 2019 پاکستان نے تسلیم کرتے ہوئے انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن (آئی ایم او) اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کو یہ باور کرایا ہے کہ گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ میں ایسے تمام قوانین پر عمل کیا جائیگا جس سے بڑے بحری جہازوں کو توڑنے کے دوران کام کرنیوالے محنت کشوں کو (OSH) آکوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ کے قوانین کے تحت تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں گی، جس میں ورکرز ویلفیئر فنڈ سے دیگر مراعات کی دستیابی بھی شامل ہے تو دوسری جانب شپ اونرز کو بھی پابند کیا گیا ہیکہ وہ بلوچستان حکومت کی جانب سے گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ کیلئے سہولیات کی فراہمی اور ضروری اقدامات کرنیوالے ادارے بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قوائد وضوابط پر عمل کے پابند ہونگے، (IMO) انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن، ہانگ کانگ شپ ری سائیکلنگ کنونشن (HKSRC) کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ جہازوں کی ری سائیکلنگ سے انسانی صحت، حفاظت یا ماحول کو غیر ضروری خطرہ نہ ہو۔ بحری جہاز کی ری سائیکلنگ پر ہانگ کانگ کنونشن (HKC) اور GT500 اور اس سے اوپر کے تمام بین الاقوامی سطح پر تجارتی جہازوں کو 26 جون 2030 تک خطرناک مواد کی انوینٹری (ICIHM) پر بین الاقوامی سرٹیفکیٹ کا حامل ہونا ضروری ہے۔ دیکھ بھال اور جہاز کی ری سائیکلنگ کے لیے (HKC) ہانگ کانگ کنونشن کی ضروریات کا بھی خلاصہ کرتا ہے۔ مختلف ممالک میں بہت سے شپ بریکنگ یارڈ میں کام کرنے اور رہنے کے حالات خراب ہیں، کارکنوں کو کام سے متعلق بہت سے سنگین زخموں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ ایک ماحولیاتی ٹائم بم بھی ہے کیونکہ ری سائیکلنگ کیلئے سمندر کے ساحل پر بحری جہازوں کو اتار دیا جاتا ہے۔ جو ساحل سمندر کے اطراف شدید آلودگی کا باعث بنتا ہے اور بالآخر سمندری فوڈ چین میں داخل ہو جاتا ہے۔ ہانگ کانگ شپ ری سائیکلنگ کنونشن (HKSRC) ہانگ کانگ شپ ریسائیکلنگ کنونشن کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ جہازوں کی ری سائیکلنگ سے انسانی صحت، حفاظت یا ماحول کو غیر ضروری خطرہ نہ ہو۔ گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ میں ایک اندازے کے مطابق آئندہ دس سال کے دوران 15 ہزار کے قریب بڑے بحری جہاز (ری سائیکلنگ) توڑنے کیلئے لائے جائیں گے بلوچستان کی وسیع بندرگاہ گذانی براہ راست دنیا کے بڑے صنعتی ممالک سے جڑنے جا رہی ہے، وہ وقت دور نہیں جب گذانی سے ہی دنیا بھر میں اپنی میعاد پوری کر چکے بڑے بحری جہاز خریدنے کیلئے راہوں کا آغاز ہوگا اس حوالے سے بلوچستان کے شہر حب سے چند کلومیٹر کی مسافت پر واقع ساحلی شہر گذانی کو وقت اور حالات کے مطابق جدید سہولیات سے آراستہ کرنا جس میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی، وہاں مزدوری کیلئے آنیوالے ہزاروں افراد اور محنت کشوں کو رہائشی وطبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں، کیونکہ مستقبل میں گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ سے متصل ساحل سمندر پر اسٹیل ملز اور اس سے وابستہ دیگر چھوٹی صنعتوں کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے جس کیلئے محکمہ بی ڈی اے نے ابھی سے اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ بلوچستان کی شپ ریسائیکلنگ یارڈ میں ہانگ کانگ کنونشن کو لاگو کرنے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا بھی ہے کہ کسی بھی بڑے بحری جہاز کی آپریشنل زندگی کے اختتام کو پہنچنے کے بعد ری سائیکل کیا جائے تو انسانی صحت اور حفاظت یا ماحولیات کے لیے کوئی غیر ضروری خطرہ لاحق نہ ہو۔ پاکستان نے ہانگ کانگ کنونشن کو مئی 2009 میں ہانگ کانگ، چین میں منعقدہ ایک سفارتی کانفرنس میں اپنایا گیا تھا اور اسے (IMO) انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کے رکن ممالک اور غیر سرکاری تنظیموں کے ان پٹ کے ساتھ بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن اور فریقین کے تعاون سے تیار کیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں کراچی میں 26 اور 27 اگست 2025 کو انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن، وزارت میری ٹائم افیئر حکومت پاکستان، انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کے ٹیکنیکل کوآپریشن اور امپلیمنٹیشن ڈویژن کے تعاون سے ورکشاپ منعقد ہوئی جس میں بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین کیپٹن ریٹائرڈ جاوید خان نے گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ میں موجود بحری جہازوں کیلئے تشکیل کردہ پالیسی، سرمایہ کاروں شپ اونرز کے تحفظات اور گذانی محنت کش ایمپلائز یونین کے جنرل سیکرٹری عابد بٹ کی جانب سے گذانی میں محنت کشوں کو درپیش سوالات کے تسلی بخش جواب دیے۔ انٹرنیشنل فورم میں ہمسایہ ملک بنگلہ دیش کی شپ ریسائیکلنگ انڈسٹری کے چیف انجینئر کے علاوہ انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کے ایگزیکٹوز اور آئی ایل او کے نمائندوں نے گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ کیلئے قوانین کے اطلاق اور اس صنعت سے منسلک ہزاروں افراد کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے دیگر ممالک کے تجربات بارے آگاہی فراہم کی تقریب میں منسٹری آف میری ٹائم حکومت پاکستان کے حکام نے اپنی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائے ہوئے قوانین پر عمل۔ بلوچستان اسمبلی میں گذانی شپ ریسائیکلنگ یارڈ کو صنعت کا درجہ دینے اور بہتر قانون سازی کے حوالے سے منظوری لے لی گئی ہے بلوچستان لیبر فیڈریشن سمیت دیگر بڑی مزدور فیڈریشنز بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے گذانی کے حوالے سے تیار کیے گئے ایکٹ کا جائزہ لے کر لیبر قوانین (بلوچستان انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ) کے مطابق دنیا کی سب سے بڑی شپ ریسائیکلنگ انڈسٹری میں محنت کشوں کے حقوق انکی صحت اور علاقے کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک کرنے کیلئے بہتر اقدامات تجویز کریں گے۔